جواب: الفریقان کانا یلعبان بکرة السلّةِ

(ترجمہ: باسکٹ بال کے ساتھ دو ٹیمیں کھیلی تھیں)

ھ۔ لماذا صفق التلامیذ للفائزین

کامیاب ہونے والوں کیلئے طلبہ نے تالیاں کیوں بجائی؟

جواب: صفق التلامیذ للفائزین استحسانًا (اچھا سمجھتے ہوئے)

(۲) آنے والے کلمات میں سے ہر کلمہ کو ایک جملے میں رکھو

کرة السلة:← العب بکرة السلة

الملعب ← نلعب فی الملعب (ہم گراونڈ میں کھیلتے ہیں)

التلامیذ ← یقرء التلامیذ فی المدرسة

استعمال "ھل" و "نعم" و "لا" و "لکن"

(ھل اور نعم اور لا اور لکن کا استعمال)

ترجمہ:

کیا یہ کتاب ہے

جی ہاں! یہ کتاب ہے

کیا یہ اسکیل ہے

جی ہاں! یہ اسکیل ہے

کیا یہ اِنک پین ہے؟

نہیں، یہ اچھی پنسل ہے۔

کیا یہ ربڑ ہے؟

نہیں، یہ سیاہی چوس ہے۔

کیا یہ دراز ہے؟

نہیں یہ دراز نہیں ہے اور لیکن یہ بنچ ہے

کیا یہ اسکیل ہے؟

نہیں یہ اسکیل نہیں ہے اور لیکن یہ قلم تراش ہے/چاقو ہے

کیا یہ کتاب ہے؟

نہیں یہ کتاب نہیں ہے اور لیکن کاپی ہے۔

اور کیا کاپی ہے؟

نہیں یہ کاپی نہیں ہے اور لیکن تختہ/بورڈ ہے

اور کیا یہ تختہ ہے؟! (بورڈ ہے؟)

نہیں یہ تختہ نہیں ہے اور لیکن یہ ــــــ بورڈ کی اسٹینڈ ہے۔

درست جواب لکھیں ہر سوال کا ان (دو جوابوں) میں جو آئیں

(یعنی نیچے ہر سوال کے دو دو جوابات لکھے ہوئے ہیں آپ ان میں سے درست کو یہاں پر لکھیں

کیا یہ اِنک پین ہے؟

لا، ما هٰذا قلم حبر ولکنہ قلم رصاص

هل هٰذا کتاب

نعم هٰذا کتاب

هل هنا دواة ومِمحاة؟

لا ما هنا دَوَاة ومِمحاة ولکن هنا کراسةٌ ومبراةٌ۔

(نہیں۔ یہاں دوات اور ربڑ نہیں ہے اور لیکن یہاں کاپی اور قلم تراش (یعنی چاقو) ہے (جس کے ساتھ قلم کو تراشا جاتا ہے)

الحداد (لوہار)

حدادًا لوہار	یطرق کوٹنا	المطرقة ہتھوڑا	
السندان اہرن	یحمی گرم کرتا ہے	یمسک پکڑتا ہے	
قطع ٹکڑے/حصے	الملقط چمٹا	المُدٰی بڑی چھریاں	
السکاکین چھوٹی چھریاں، (سِکّینٌ کی جمع)		(مُدًی یا مُدْیَۃٌ کی جمع)	

ترجمہ:

(۱) کون ہے وہ جسے تو دیکھتا ہے/ دیکھ رہا ہے تصویر میں؟
میں دیکھتا ہوں تصویر میں لوہار کو۔

(۲) کس چیز کے ساتھ وہ (لوہار) لوہا کوٹتا ہے
لوہار لوہے کو کوٹتا ہے ہتھوڑے کے ساتھ۔

(۳) کس چیز پر وہ لوہے کو کوٹتا ہے؟
وہ لوہے کو اہرن پر کوٹتا ہے
آہرن

(۴) کس چیز پر وہ لوہا گرم کرتا ہے
لوہار لوہے کو آگ پر گرم کرتا ہے
(۵) کس چیز کے ساتھ وہ پکڑتا ہے لوہے کے ٹکڑوں کو
وہ پکڑتا ہے لوہے کے ٹکڑوں کو چمٹے کے ساتھ
(۶) لوہار کیا کرتا ہے
لوہار بہت سی چیزیں بناتا ہے: چنانچہ وہ بناتا ہے
تالے اور چابیاں اور بڑی چھریاں اور چھوٹی چھریاں اور
کچھ دروازے اور لوہے کی کھڑکیاں، اور اس کے علاوہ۔

النجار (بڑھئی)

النجار	بڑھئی	اثاث	سامان	یشق	چیرتا ہے
المنشار	آری	یسویه	وہ برابر کرتا ہے	المسجّ	رَندا
یلصق	جوڑنا/چپکانا	الغِراء	گلو	البنّاء	مستری
الزجّاج	شیشہ بنانے والا یا شیشہ گر	الصنّاع	کاری گر لوگ		

ترجمہ

(۱) کون ہے وہ جو گھروں کے سامان تیار کرتا ہے؟
گھروں کے سامان تیار کرتا ہے/بناتا ہے بڑھئی
(۲) بڑھئی کیا بناتا ہے سامان کے علاوہ
وہ بناتا ہے دروازے اور کھڑکیاں اور کسان کے سامان اور اس کے علاوہ

(۳) کس چیز کے ساتھ وہ چیرتا ہے لکڑی کو

وہ چیرتا ہے لکڑی کو آری کے ساتھ۔

(۴) اور کس چیز کے ساتھ وہ (بڑھئی) اسے (اس لکڑی کو) برابر کرتا ہے

وہ اسے برابر کرتا ہے رندے کے ساتھ

(۵) کس چیز کے ساتھ وہ جوڑتا بعض لکڑیوں کو بعض کے ساتھ

بڑھئی جوڑتا ہے بعض لکڑیوں کو بعض کے ساتھ گلو کے ساتھ

(۶) کونسے کاری گر ہیں جو تعاون کرتے/مدد کرتے ہیں
گھروں کو تعمیر کرنے پر؟

مستری: گھروں کو تعمیر کرنے پر مدد کرتے ہیں
اور بڑھئی اور لوہار اور شیشہ گر یعنی شیشہ بنانے والا

الحمار الذکی

(ذہین گدھا)

اعتاد	عادی ہوا	اهل القری	دیہات والے	السوق	بازار
الدجاج	مرغیاں	الارانب	خرگوش (جمع)	یرکب	سوار ہونا
یحمل	اٹھانا، لادنا	ظهر	پیٹھ - پشت	سلة	ٹوکری
یربط	باندھنا	کیسا	بٹوا، پرس، تھیلی	نقود	پیسے یا سکے
یقبض	پکڑنا، ہاتھ میں لینا	الانصراف	لوٹنا، واپس ہونا	لم یبشر	نہ چلاوہ
عرف	جان گیا	صوت النقود	سکوں یا پیسوں کی آواز		

ترجمہ :

دیہات والوں (دیہاتیوں) میں سے ایک آدمی عادی
ہوا اس بات کا کہ وہ جائے بازار کی طرف، تاکہ وہ مرغیاں
اور خرگوشوں کو خریدے،

اور وہ (آدمی) گدھے پر سوار ہوتا تھا اور اس گدھے کی
کی پیٹھ پر لادتا تھا ایک ٹوکری دائیں جانب سے اور ایک ٹوکری
بائیں جانب سے۔ اور ان دونوں (ٹوکریوں) کے درمیان وہ
ایک بٹوا باندھتا تھا جس میں وہ نقدیاں (پیسے/سکے)
رکھتا تھا۔

اور ایک دن اِس آدمی ایک خرگوش بیچا اور اس
بات کو بھول گیا کہ وہ قیمت پر قبضہ کرے، پھر اس نے لوٹنے
کا ارادہ کیا تو گدھا غمگین ہو گیا اور نہ چلا اور اس سے
آدمی جان گیا کہ اس نے قیمت پر قبضہ نہیں کیا، کیونکہ گدھے کی
عادت میں سے یہ ہے کہ وہ نہیں چلتا یہاں تک کہ وہ سُن
لے اُن سِکّوں کی آواز جو بٹوے میں رکھے جاتے ہیں۔

اسئلہ

(۱) آنے والے سوالات کے جوابات دیں:

ا۔ ماذا کان القروی یبیع (دیہاتی کیا بیچتا تھا)

جواب: کان القرویُّ یبیع الدجاج والأرانب۔
(دیہاتی مرغیاں اور خرگوش بیچتا تھا)

ب۔ ماذا کان یحمل علی ظھر الحمار
(وہ گدھے کی پیٹھ پر کیا لادتا تھا)

جواب: کَانَ یَحْمِلُ عَلٰی ظَھْرِ الْحِمَارِ سَلَّۃً مِنَ الْجَانِبِ الْأَیْمَنِ وَسَلَّۃً مِنَ الْجَانِبِ الْأَیْسَرِ

(وہ گدھے کی پیٹھ پر ایک ٹوکری دائیں جانب سے اور ایک ٹوکری بائیں جانب سے لادتا تھا)

ج ــ ماذا کان یرکب (وہ کس چیز پر سوار ہوتا تھا)

جواب : کَانَ یَرْکَبُ حِمَارًا (وہ گدھے پر سوار ہوتا تھا)

د ــ ماذا کان یربط بین السلتین (وہ کیا باندھتا تھا دونوں ٹوکریوں کے درمیان)

جواب : کان یربط کیسًا بینَ السَّلَّتَیْنِ

(وہ دونوں ٹوکریوں کے درمیان بٹوا باندھتا تھا)

(۲) گزشتہ واقعے سے پانچ جملے بنائیں :-

(۱) ← کان القروی یبیع الدجاج والارانب۔

(۲) ← کان یرکب الحمارًا۔

(۳) ← کان یربط کیسًا بین السَّلَّتین۔

(۴) ← ذات یوم باع ھذا الرجل ارنبًا۔

(۵) ← نَسِیَ ان یقبض الثمن

(۳) پورا حصہ عمدہ خط کے ساتھ لکھیں

الحصان (گھوڑا)

جمیل الشکل	خوبصورت شکل والا	سریع العدو	تیز رفتار والا	قصیر ان	چھوٹے
حائ	تیز	متسع	وسیع، کشادہ	ذیلہ	اسکی دم
ینتھی	ختم ہونا	الحروب	جنگیں	الجنود	فوج، لشکر
یھجمون	حملہ کرتے ہیں	رجال الشرطة	پولیس میں، سپاہی	لیطوفون	گھومنا، چکر لگانا
فی القری	شہروں میں	لیقبضوا	پکڑنا، قبضہ کرنا	علی اللصوص	چوروں پر
یجر	کھینچتا ہے	العجلات	تانگے، گھوڑا گاڑی	یجری بنا	ہمیں لے چلتا ہے

ترجمہ:

یہ گھوڑا خوبصورت شکل والا تیز رفتار والا ہے، اور اس کے دونوں کان چھوٹے ہیں، اور اسکی نظر تیز ہے اور اس کا سینہ کشادہ ہے، اور اسکے چاروں پاؤں مضبوط ہیں، اور اسکی دم چھوٹی ہے جو ختم ہوتی ہے لمبے بالوں کے ساتھ۔

اور وہ (گھوڑا) جنگوں میں نفع (فائدہ) دینے والا ہے پس اس پر سوار ہوتے ہیں لشکر اور حملہ کرتے ہیں دشمنوں پر،

اور اس پر سوار ہوتے ہیں پولیس مین (پولیس والے) اور چکر لگاتے ہیں شہروں میں تا کہ وہ پکڑیں چوروں کو،

اور وہ کھینچتا ہے تانگے، اور ہم اس پر سوار ہوتے ہیں پس وہ ہمیں لے چلتا ہے تیزی سے (یا تیز تیز/جلدی جلدی)

اسئلۃ

(۱) دو جملے بنا اُن (الفاظ) سے جو آئیں/آنے والے الفاظ سے۔ پھر انکو ملا۔

الحصانَ ۔ نرکب ۔ نحن

نحن نرکب الحصانَ ۔ (ہم گھوڑے پر سوار ہوتے ہیں)

المسافات ۔ بنا ۔ مسرعًا ۔ یقطع

یقطعُ المسافاتِ بنا مُسرعًا۔

(وہ ہمیں تیزی سے مسافتیں (یا فاصلے) طے کراتا ہے)

(۲) تین جملوں کی گھوڑے کی تعریف بیان کر پھر اس (گھوڑے) کے فوائد دو جملوں میں ذکر کر۔

جواب: گھوڑے کے اوصاف کے متعلق تین جملے درج ذیل ہیں:

۱) الحصان جمیل الشکل

٢ الحصان سريع العدو۔

٣ نظر الحصان حادٌّ ۔ (گھوڑے کی نظر تیز ہے۔)

گھوڑے کے فوائد کے متعلق دو جملے درج ذیل ہیں۔

١ يركبُ الحِصانَ الجنودُ ويهجمون على الاعداءِ۔

٢ الحصانُ يجرُّ العجلاتِ۔

(٣) آنے والے سوالوں کے جواب دے:

١ ــــ ايهما اسرع: الحصان ام الحمارُ؟

(ان دونوں میں سے کون زیادہ تیز رفتار ہے، گھوڑا یا گدھا)

جواب: الحصانُ هُوَ اسرعُ، (گھوڑا زیادہ تیز رفتار ہے)

ب ــــ بم يتغذى الحصان

جواب: يتغذى الحصانُ بالحشيش

(گھوڑا گھاس سے غذا حاصل کرتا ہے)

(بِأَيِّ شيءٍ ــ فِي أيِّ شيءٍ ــ على أيِّ شيءٍ

کس چیز کے ساتھ ــــ کس چیز میں ــــ کس چیز پر)

ترجمہ:

کس چیز کے ساتھ تو لکھتا ہے؟

میں لکھتا ہوں انک (enk) پین کے ساتھ یا (کچی) پنسل کے ساتھ

کیا تو لکھتا ہے اسکیل کے ساتھ؟

نہیں میں اسکیل کے ساتھ نہیں لکھتا اور لیکن میں قلم کے ساتھ لکھتا ہوں

کس چیز میں تو پڑھتا ہے؟

میں کتاب میں پڑھتا ہوں

کیا طالب علم کاپی میں پڑھتا ہے؟

نہیں طالب علم کاپی میں نہیں پڑھتا اور لیکن وہ کتاب میں پڑھتا ہے

کیا یہ لڑکی کاپی میں پڑھتی ہے / پڑھ رہی ہے

جی ہاں یہ لڑکی کاپی میں پڑھتی ہے۔

کیا لڑکے کتابوں میں پڑھتے ہیں؟

نہیں، لڑکے اب کتابوں میں نہیں پڑھتے اور لیکن وہ پڑھتے ہیں املاء کی / املاء والی کاپیوں میں۔

یا جی ہاں: لڑکے کتابوں میں پڑھتے ہیں۔

کس چیز پر یہ طالب علم بیٹھتا ہے / بیٹھا ہے۔

یہ طالب علم کرسی پر بیٹھتا / بیٹھا ہے۔

کیا یہ طالب علم زمین پر بیٹھا ہے؟

نہیں، یہ طالب علم زمین پر نہیں بیٹھا اور لیکن یہ کرسی پر بیٹھا ہے۔

کیا تو زمین پر بیٹھتا ہے؟

نہیں، میں زمین پر نہیں بیٹھتا اور لیکن میں بنچ پر بیٹھتا ہوں

کیا یہ طالب علم کرسی پر بیٹھا ہے؟

جی ہاں یہ طالب علم کرسی پر بیٹھا ہے۔

کیا طلبہ زمین پر بیٹھتے ہیں۔

نہیں، طلبہ زمین پر نہیں بیٹھتے اور لیکن وہ بنچوں پر بیٹھتے ہیں

کیا یہ طالبہ بنچ پر بیٹھتی / بیٹھی ہے؟

نہیں، یہ طالبہ بنچ پر نہیں بیٹھی اور لیکن یہ کرسی پر بیٹھی ہے۔

کس چیز پر رکھا جاتا ہے بورڈ / تختہ؟

ﻪ المجففة اس کا معنی ہے: سیاہی چوس یا سیاہی چٹ۔

بورڈ رکھا جاتا ہے (یا پھر رکھا ہے) اسٹینڈ پر۔
کیا یہ بورڈ دیوار پر لٹکا ہوا ہے؟
نہیں یہ بورڈ دیوار پر لٹکا ہوا نہیں ہے اور بلکہ یہ اسٹینڈ پر رکھا ہوا ہے۔
کس چیز پر لٹکایا جاتا ہے میپ (Map) (یا چارٹ) / فوٹو گرافر؟
لٹکایا جاتا ہے فوٹو گرافر / میپ دیوار پر
کیا یہ فوٹو گرافر / میپ دیوار پر لٹکا ہوا ہے
جی ہاں یہ فوٹو گرافر / میپ دیوار پر لٹکا ہوا ہے

اسئلة

① آنے والے جملے مکمل کریں:۔

السبورة تُوضَعُ على الحامل
المصور الجغرافي يُعَلَّقُ على الحائط
اقرأ في الكتاب واكتب بالقلم
امحو الكتابة بالممحاة واجفف الحبر بالمُجَفِّفَةِ ﻪ
(ترجمہ میں روشنائی / لکھائی کو ربڑ کے ساتھ مٹاتا ہوں اور سیاہی کو سیاہی چوس کے ساتھ خشک کرتا ہوں)
أُعَلِّقُ المصورَ الجغرافيَّ على الحائطِ وأضع السبورة على الحاملِ
جلست على الكرسي ووضعت الكتاب على الأرض

② ہر جملے میں درست کلمے کے نیچے لکیر بنائیں

اجلس على: الارض - الكرسي - المقعد
اضع السبورة على الارض - الحامل - الحائط۔
اكتب: بالمسطرة - بالقلم - بالمبراة
امحو الكتابة بالمجففة - بالممحاة - بالمبراة۔
ارسم الخطوط المستقيمة بالمبراة - بالممحاة - بالمسطرة

۱۔ الطماطم: ٹماٹر۔ الکرنب: بند گوبھی

۲۔ الخس: ایک سبزی ہے جسکا نام سلاد ہے، اور دوسرا نام گاہو بھی ہے اسے انگلش میں Lettuce کہا جاتا ہے اسکی تصویر آخری صفحات میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں

54

(ترجمہ میں سیدھی لائنیں کھینچتا ہوں سکیل کے ساتھ)

(س) آنے والے کلمات کے ہر مجموعے سے مکمل عبارت بنائیں

جواب (ا) جلست علی الکرسی ووضعت الکتاب علی الدرج

ب) وضعت السبورۃ علی الحامل وعلّقتُ المصور الجغرافی علی الحائط

بعض الخضراوات: کی جگہ ← مَحوتُ اور وَجفّفتُ ہونا تھا یہ غلطی سے لکھا گیا ہے اصل عبارت یوں بنے گی

محوت۔ وجففت۔ بالمجففۃ۔ بالممحاۃ۔ الحبر۔ الکتابۃ

ج) مَحَوتُ الکِتابَۃَ بِالمِمحَاۃِ وَ جَفَّفتُ الحِبْرَ بالمُجَفِّفَۃِ

میں نے ربڑ کے ساتھ لکھائی مٹائی اور روشنائی (یعنی سیاھی) کو سیاھی چوس کے ذریعے خشک کیا / چوسا / سکھایا

بعض الخضراوات

(کچھ سبزیاں)

ترجمہ: زمین ہمارے لیئے نکالتی ہے بہت سی سبزیاں، اور ان میں سے کچھ پکا کر (یا پکی ہوئی ہونے کی حالت میں) کھائی جاتی ہیں اور کچھ دوسری (سبزیاں) کچی کھائی جاتی ہیں۔

اور سبزیوں کی اقسام میں سے ہے: ٹماٹر اور بند گوبھی اور پھول گوبھی اور بینگن اور سلاد / گاہو اور اس کے علاوہ اور ان (سبزیوں کو بیچنے والے کو نام دیا جاتا / یا کہا جاتا ہے سبزی فروش۔ اور وہ (سبزی فروش) اپنے لیئے

ل اس پھل کی تصویر آخر میں ملاحظہ فرمائیں

(یا اپنی) ایک دکان بناتا ہے جس میں وہ (سبزی کی) ان قسموں کو بیچتا ہے

اسئلۃ

(۱) آنے والی سبزیوں کی انواع (یعنی اقسام یا قسمیں) پڑھ۔ پھر ان (سبزیوں) میں سے ہر ایک کا نام مفید جملے میں رکھ۔

الجرجیر: (پالک)

یؤکل الجرجیرُ مطبوخًا (پالک پکاکر کھائی جاتی ہے)

الخرشوف: (شریفہ)

أَكَلْتُ الخَرْشُوفَ أَمْسِ (میں نے کل ہاتھی چک کھایا)

القلقاس: (اروی)

الخُضَرِيُّ يبيع القلقاس (سبزی فروش اروی بیچتا ہے)

الرجلۃ: (خرفہ کا ساگ)

الامرأۃ تطبخ الرجلۃ عورت خرفہ کا ساگ پکاتی ہے

الجزرُ: (گاجر)

الجزر یُؤکَلُ مطبوخًا ونَیِّئًا گاجر کھائی جاتی ہے پکی پکاکر اور کچی)

(۲) خالی جگہ میں مناسب کلمہ رکھیں:

جواب: الخضراواتُ یزرعھا الفلاحُ ثم یبیعھا لیأخُذ الثَّمَنَ۔

(ترجمہ: کسان سبزیاں کاشت کرتا ہے پھر انہیں بیچتا ہے تاکہ وہ ثمن/پیسے حاصل کرے

(۳) آنے والے کلمات کو ترتیب دے تاکہ ان ایک مفید جملہ بن جائے

علی - الطباخ - الطعام - یطھو الموقدُ

الطباخُ یطھو الطَّعامَ علَی المُوقِدِ

(باورچی کھانا پکاتا ہے چولہے پر۔)

(۴) آنے والے کلمات میں ہر کلمہ کو ایک جملے میں لکھو۔

البصل : (پیاز)

لَا تَأكُلِ البَصَلَ فِي المسجِدِ (مسجد میں پیاز نہ کھا)

العدس: (دالِ مسور)

انا آكل العَدَسَ (میں مَسُور کی دال کھاتا ہوں)

الثوم : (لہسن)

رَاَيتُ الثُّومَ (میں نے لہسن دیکھا)

الفول: (لوبیا)

تُخرِجُ الارضُ الفولَ (زمین نکالتی ہے لوبیا)

الطائر

(پرندہ)

یطیر	اڑتا ہے	الفضاء	ہوا	ذیل	دم، پونچھ
طیرانه	اُڑان، اڑنا	منقار	چونچ	یلتقط	اٹھانا
ینقر	چگنا	عُشا	گھونسلا	الغصون	ٹہنی
یبیض	انڈے دینا	یحضن	سینا، انڈے پر بیٹھنا	یفقس	انڈے کو توڑنا
افراخه	جوزے	البیض	انڈے	غذاها	غذا دینا
بریشه	پروں کے ساتھ	الدیدان	کیڑے	یغرد	گن گانا
تغریدا	گانا	فیطرب	مست بنانا دیوانہ یا مجنوں بنانا		

ترجمہ:

پرندے کے دو پر ہیں جن کے ساتھ وہ ہوا میں اڑتا ہے اور
ایک دُم (پونچھ) ہے جسے وہ اپنے اُڑنے میں دائیں طرف اور بائیں
طرف حرکت دیتا ہے / ہلاتا ہے

اور اسکی ایک چونچ ہے جس کے ذریعے دانے اٹھاتا ہے اور
اس کے ساتھ پھلوں کو چگتا ہے / پھل چگتا ہے

اور وہ اپنے لیئے ٹہنیوں میں گھونسلا بناتا ہے اور
اس میں انڈے دیتا ہے اور انڈے سیتا ہے / انڈوں پر بیٹھتا ہے
یہاں تک کہ وہ (انڈے) توڑ دیتا ہے۔

اور جب اس کے چوزے انڈوں سے نکلیں تو وہ (پرندہ)
انہیں غذا دیتا ہے اور انہیں اڑنا سکھاتا ہے

پرندوں میں سے: کچھ وہ ہیں جن کا گوشت کھایا جاتا ہے اور ان
میں سے کچھ وہ ہیں جن کے پروں کے ذریعے نفع اٹھایا جاتا ہے اور ان
میں سے کچھ وہ ہیں جو کسان کو فائدہ دیتے ہیں پس وہ زمین سے
کیڑوں کو اٹھاتا ہے

پرندوں میں کچھ وہ ہیں جو خوب صورت گُن گاتے ہیں پس وہ
سامعین (سننے والوں) کو مست بنا دیتے ہیں

اسئلہ

1) کبوتری اور مرغی اور کوے میں سے ہر ایک کے متعلق تین جملوں
میں بات / گفتگو کر۔

الحمامة ← الحمامةُ تطیرُ فی الفضاءِ - الحمامةُ تلتقطُ الحبوبَ - للحمامةِ جناحانِ

الدجاجة ← نحن نذبحُ الدجاجةَ - نحن نأکلُ لحمَ الدجاجةِ - الدجاجةُ لا تطیرُ فی الفضاءِ

الغراب ← للغرابِ منقارٌ أسْوَدُ - (کوے کی سیاہ چونچ ہوتی ہے) - الغراب [illegible]

۵ حاجة: ضرورت کی چیز۔
عکس: سایہ، پرتو یا فوٹو، تصویر، صورت

58

لہٗ عُشًّا۔ لا یَحِلُّ اَکْلُ لَحْمِ الغُرَاب۔ (کوے کا گوشت کھانا حلال نہیں)

(۲) آنے والے جملوں کی خالی جگہ میں مناسب کلمہ رکھیں

نحن نذبحُ الحمامَةَ وهي تبيض في العُشّ
ہم کبوتری کو ذبح کرتے ہیں۔ اور وہ گھونسلے میں انڈے دیتی ہے۔

تَسبح الاوزة في الماءِ (بطخ پانی میں تیرتی ہے)

تُغنی الفلاحةُ بتربیة الدجاج (مرغیاں پالنے سے دیہاتی عورت مال دار ہوجاتی ہے / کردی جاتی ہے)

ریش الطیور یُنْتَفَعُ بها (پرندوں کے پروں کے ذریعے نفع حاصل کیا جاتا ہے)

عاقبة الطمع (لالچ کا انجام)

ترجمہ: نہر کے کنارے پر ایک کتا چل رہا تھا اور اس کے منہ میں گوشت کا ایک ٹکڑا تھا پس اس نے پانی میں چند بار دیکھا تو اس نے اپنا عکس دیکھا پس اس نے گمان کیا کہ وہ (عکس) کوئی دوسرا کتا ہے جو اپنے منہ میں گوشت کا دوسرا ٹکڑا اٹھائے ہوئے ہے۔

اور اپنی لالچ کی شدت (یعنی زیادتی) کی وجہ سے اس نے اپنا منہ کھولا اور یہ ارادہ کیا کہ وہ اسے (یعنی گوشت کے اس دوسرے ٹکڑے کو) اس (کتے) سے چھین

پس اس سے گوشت کا ٹکڑا گر پڑا اور

پس اسے مچھلی نے کھالیا اور

یہ انجام ہے اس کا جو اپنے غیر (علاوہ) پر ظلم کرتا ہے پس وہ اپنی لالچ کے سبب کھو بیٹھتا ہے ہر ضرورت کی چیز جو اسکے ہاتھ میں ہو

سوالات

(۱) ماذا كان يحمل الكلب في فمه (کتا اپنے منہ میں کونسی چیز اٹھائے ہوئے تھا)

جواب: كان يحمل الكلب في فمه قطعة من اللحم

(کتا اپنے منہ میں گوشت کا ایک ٹکڑا لیے ہوئے تھا)

(۲) ماذا رأى في الماء (اس نے پانی میں کیا دیکھا)

جواب: رأى في الماء خياله۔ (اس نے پانی میں اپنا عکس/سایہ دیکھا)

(۳) لماذا فتح الكلب فمه (کتے نے اپنا منہ کیوں کھولا)

جواب: فتح الكلب فمه ليخطف قطعة اللحم من الكلب الآخر

کتے نے اپنا منہ اس لئے کھولا تاکہ وہ دوسرے کتے سے گوشت کا ٹکڑا چھین لے۔

(۴) اين وقعت منه قطعة اللحم

(گوشت کا ٹکڑا اس (کتے) سے کہاں گر پڑا)

جواب: وقعت منه قطعة اللحم في الماء۔

(اس (کتے) سے گوشت کا ٹکڑا پانی میں گر پڑا)

(۵) ماجزاء الطمّاع؟ (لالچی کی کیا سزا ہے)

الطماع يفقد بطمعه كل حاجة كانت في يده

لالچی اپنی لالچ کے سبب ہر ضروری چیز کھو بیٹھتا ہے جو اس کے ہاتھ میں ہو

استعمال من هذا (مَن هذا کا استعمال) 60

صورة تصویر/فوٹو فتاة نوجوان لڑکی شاب نوجوان لڑکا

عجوز بوڑھا/بوڑھی النظام نظم وضبط الطرقات راستے

سوالات

من يسكن معك في بيتكم ؟ (تمہارے گھر تیرے ساتھ کون رہتا ہے ؟)

يسكن معي في بَيتِنا أبِي وأُمِّي ۔ (ہمارے گھر میرے ساتھ میرا ابو اور میری امی رہتی ہے)

من يعلمك بالمدرسة

الاستاذ يعلمني بالمدرسة مجھے سکول میں استاذ پڑھاتا ہے

من يذهب معك الى المدرسة

أخي يذهب معي الى المدرسة

من يحافظ على النظام في الطرقات راستوں میں نظم وضبط/ڈسپلن کی حفاظت کون کرتا ہے

الشُّرطِيُّ يحافظ على النظام في الطرقات

من يصنع الابواب والشبابيك دروازے اور کھڑکیاں کون بناتا ہے

النجار يصنع الابواب والشبابيك

من يبني البيوت ؟

اَلبَنَّاءُ يبني البيوت

من يصنع الخبز

الخباز يصنع الخبز

من يخيط الملابس (کپڑے کون سیتا ہے)

الخَيَّاطُ يخيط الملابس

(۲) آنے والے سوالوں کو مکمل کریں "ما" یا "مَن" یا "ای شیئ" لکھنے کے ساتھ پھر ہر سوال کا جواب دے :

۱- مَا هذا الشيئُ

ب ـ من علق هذه الصورة (یہ تصویر کس نے لٹکائی ہے)

ج ـ صورةُ مَنْ هٰذہ؟ یہ کس کی تصویر ہے

د ـ اي شيءٍ ترى في هذه الصورة؟ (کون سی چیز ہے جسے تو اس تصویر میں دیکھتا ہے)

ھ ـ مَا اسمُكَ

و ـ مَنْ ناظر مدرستكم؟ (تمہارے سکول کا ناظم / ہیڈ کون ہے)

ز ـ ما اسم من يدرس اللغة العربية لكم

(ترجمہ اس کا نام کیا ہے جو تمہیں عربی زبان پڑھاتا ہے)

ح ـ من يحمل الخطابات ويوصلها الى المنازل

(ترجمہ کون اٹھاتا ہے پیغامات اور انہیں گھروں تک پہنچاتا ہے

ط ـ مَا لونُ السبورة

ي ـ من يكتب على السبورة

(۳) آنے والے سوالات میں صحیح کلمہ کے نیچے لکیر بنائیں

ا ـ من ـ ما اسم ابيك

ب ـ من ـ ما يربيك؟

ج ـ مَن ـ مَا يجلس على الكرسي

د ـ من ـ ما طعم هذا الطعام؟ (اس کھانے کا کیا ذائقہ ہے)

ھ ـ من ـ ما يدافع عن البلاد (کون دفاع کرتا ہے شہروں کا)

و ـ من ـ ما شكل التفاحة

ز ـ من ـ ما لون هذه الوردة (اس پھول کا رنگ کیا ہے)

ح ـ من ـ ما يبري القلم (کون قلم تراشتا ہے)

ط ـ من ـ ما يزرع الارض

الشارع (سڑک/روڈ) 62

الطّوار فٹ پاتھ — الایمن دائیں، سیدھی — السیارات گاڑیاں
تَمُرُّ گزرتی ہیں — العجلات تانگے گھوڑا گاڑیاں — الدراجات سائیکلز
اعمدۃ کھمبے — الکھرباء بجلی — تظلل سایہ کرنا
دکاکین دکانیں — ملتقی الشوارع روڈوں کے ملنے کی جگہ/چوک — یُصیبنی پہنچنا
الترام ٹرام گاڑی

ترجمہ:

میں چلتا ہوں روڈ میں دائیں فٹ پاتھ پر
پس میں گاڑیوں کو دیکھتا ہوں (اس حال میں) کہ وہ اس (روڈ)
کے درمیان میں گزرتی ہیں تیزی سے اور میں دیکھتا
ہوں تانگے اور سائیکلوں ( ) کو
اور میں دیکھتا ہوں روڈ کے دونوں سائیڈوں پر بجلی کے
کھمبے اور ہرے بھرے درخت جو گزرنے والوں پر سایہ
کرتے ہیں۔
اور میں دیکھتا ہوں روڈ کی دونوں سائیڈوں (کناروں)
پر بلند (اونچی) عمارتیں اور مختلف دکانیں
اور روڈوں کے ملنے کی جگہ (چوک) کے پاس
میں ایک کھلا میدان پاتا ہوں
میں روڈ (سڑک) کے بیچ (درمیان) میں
نہیں چلتا اور بے شک چلتا ہوں فٹ پاتھ پر اس
(بات) کے خوف سے کہ مجھے پہنچے نقصان گاڑیوں کی وجہ سے
یا ٹرام گاڑی کی وجہ سے (ٹرام ایک گاڑی ہے جو پٹریوں
پر بجلی سے چلتی ہے)

۵۔ گاڑیوں سے بچ سڑک پار کرتے وقت۔

۲۔ درخت گزرنے والوں کو سایہ کرتے ہیں

63

سوالات

(۱) اُن (سوالوں) کے جواب دیں جو آئیں

ا۔ لم تسیر علی الطوار

جواب: اسیر علی الطوار خشیة ان یصیبنی ضرر (من السیارات والترام)

ب۔ ما الذی یسیر فی وسط الشوارع

جواب: تسیر فی وسط الشوارع السیارات والعجلات والدراجات

ج۔ ما الذی تراہ علی جانبی الشوارع

جواب: أری علی جانبی الشوارع اعمدة الکھرباء والاشجار الخضراء ومنازل عالیة ودکاکین مختلفة

(ترجمہ: میں دیکھتا ہوں سڑک کے دونوں جانب بجلی کے کھمبے اور سرسبز درخت اور بلند عمارتیں اور مختلف یا کئی دکانیں)

(۲) مکمل کر ان (جملوں) کو جو آئیں، خالی جگہ میں ایک کلمہ لکھنے کے ذریعے۔

ینظم الشرطی المرور فی الشارع

پولیس مین سڑک پر ٹریفک (آمدورفت) کو منظم کرتا ہے۔

المصابیح الکھربائیة منیرة، بجلی والے چراغ (بلب وغیرہ) روشن ہیں

۲۔ تظلل ۔۔۔ الاشجار المارین

یُنظف الخادم الشوارع، خادم سڑک صاف کرتا ہے

۵۔ احترس من السیارات عند اجتیاز الشارع

لا تقرأ فی کتاب وانت تمشی فی الشارع

(۳) مُقابلہ (یعنی آنیوالے کلمات میں ہر کلمہ کے سامنے وہ (کلمہ) دکھیں جو اس کے مناسب ہو

المصابيح مُنيرَةٌ	چراغ روشن ہیں
الاشجار خضراء	درخت سبز ہیں
السيارات مسرعة	گاڑیاں تیز (چل رہی) ہیں
الدكاكين مفتوحة	دکانیں کھلی ہیں / ہوئی ہیں
المنازل عالية	گھر / عمارتیں اونچی / بلند ہیں

الشمس والقمر
(سورج اور چاند)

الاسئلة:

(۱) سورج کب نکلتا / روشن ہوتا ہے؟

(شروع کے) سورج نکلتا / روشن ہوتا / چمکتا ہے صبح کو دن کے اول حصے میں

(۲) ہم سورج کو کیوں پسند کرتے ہیں؟

ہم سورج کو پسند کرتے ہیں کیونکہ وہ ہمیں نفع پہنچاتا ہے

(۳) دن کب آتا ہے؟

دن (اس وقت) آتا ہے جب سورج طلوع ہوتا ہے صبح کو

(۴) رات کب آتی ہے؟

رات (اس وقت) آتی ہے جب سورج شام کو مغرب میں ڈوبتا ہے

(۵) چاند کب نکلتا / طلوع ہوتا / آتا ہے

چاند رات کو نکلتا / طلوع ہوتا / ظاہر ہوتا ہے۔

(۶) ہم چاند کو کیوں پسند کرتے ہیں

ہم چاند کو اس لیے پسند کرتے ہیں کیونکہ وہ رات میں دنیا کو روشن کر دیتا ہے

میمنا

65

(۷) ان دونوں میں سے کونسا بڑا سورج یا چاند۔

سورج بڑا ہے چاند سے۔

سوال: آنے والے کلمات کو جملوں میں رکھیں:

الشمس - القمر - اللیل - النهار

جواب:

الشمس ← الشمس أكبر من القمر

القمر ← نحب القمر

اللیل ← يأتي الليل عندما تغرب الشمس مساءً

النهار ← يجيئ النهار عندما تطلع الشمس صباحًا۔

هل تعرف؟

(کیا تو جانتا ہے)

۱) یہ کہ کتا پالتو جانور ہے، وہ بھونکتا ہے اور حفاظت/چوکیداری کرتا ہے گھروں اور کھیتوں کی

۲) اور یہ کہ مرغی پرندوں میں سے ہے اور لیکن یہ اڑتی نہیں اور ہم اس کا مزیدار ذائقے والا گوشت۔

۳) اور یہ کہ مرغا فجر کے وقت بانگ دیتا ہے

۴) اور یہ کہ لومڑی دھوکہ باز ---- جانور ہے اور مرغیاں کھا جاتی ہے

۵) اور یہ کہ رومی مرغا (یا ترکی مرغا) شہری مرغے سے جسم میں بڑا ہوتا ہے

۶) اور یہ کہ بھیڑیا چیر پھاڑ کرنیوالا جانور ہے ۷) اور یہ کہ حمل وہ بکری کا چھوٹا بچہ ہے

اختبار (امتحان)

(1) آنے والی عبارت سے ایک حکایت بنائیں ان (الفاظ) کو زیادہ کرنے کے ساتھ جو ضروری ہیں۔ یعنی ضروری الفاظ کی زیادتی کیساتھ۔

كان طفل يعبر الشارع فصدمته سيارة فذهبت بِهِ سيارة الاسعاف إِلَى المستشفى فوُضِعَ الطِّفلُ على السرير في المستشفى وكانت أُمُّهُ تبكي عِندَهُ وكان أبوهُ يَنصَحهُ نَصِيحَةً وَلَمَّا شُفِيَ مِمَّا أصابَهُ فكان يَحتَرِسُ مِنَ السَّيَّارات عِندَ اجتيازِ الشَّارِع

ترجمہ:

ایک بچہ سڑک عبور/پار کررہا تھا پس اسے گاڑی (یا کار) ٹکرا گئی۔ پس اسے ایمبولینس ہسپتال لے گئی۔ پس (اس) بچہ کو ہسپتال میں بیڈ پر رکھا گیا اور اس کے پاس اسکی ماں رو رہی/آہ و بکا کررہی تھی اور اسے اس کا باپ نصیحت کررہا تھا۔ اور جب اسے شفا مل گئی اس (مصیبت) سے جو اسے پہنچی تو وہ سڑک پار کرتے وقت گاڑیوں سے بچتا تھا۔

(2) آنے والی کہانی میں آنے والے کلمات کو انکی مناسب خالی جگہوں میں رکھیں ←

كان ابراهيم ذاهبا الى المدرسة فى الصباح
فوجد رجلا مسنا يدفع امامه عجلةً عليها احمال
ثقيلةٌ و قد ظهر عليه التعبُ فتقدم اليه و
عاونه فى دفع العجلة حتى وصل الى المكان الذى
يقصده شَكَرَ ابراهيمَ على هذه المساعدةِ

ترجمہ : ابراہیم صبح کو سکول جا رہا تھا پس اس نے ایک
عمر رسیدہ شخص کو دیکھا جو اپنے آگے تانگے کو دھکیل رہا تھا
جس پر بھاری بوجھ تھے ، اور تحقیق اس پر تھکاوٹ
ظاہر ہو چکی تھی ۔ پس وہ (ابراہیم) اس (آدمی) کی طرف
بڑھا اور تانگہ کو دھکیلنے میں اسکی مدد کی یہاں
تک وہ (آدمی) اس جگہ تک پہنچ گیا جس کا وہ قصد کرتا
تھا تو اس نے ابراہیم کا شکریہ ادا کیا اس مدد کرنے پر

(۳) یہ گزشتہ قصے کا / کہانی کا تتمہ (یعنی آخر
یا اِنڈ - end) ہے پس تو اسے اپنی طرف سے خالی جگہوں
میں مناسب کلمات رکھنے ساتھ مکمل کر :

و لما ذهب ابراهيمُ الى المدرسة وجدهٗ
استاذُ اللغة العربيةَ متعبًا ، فسالهٗ عن سبب
هذا التعب ۔
فقصَّ عليه ابراهيم هٰذِهِ القصةَ ، فسُرَّ الاستاذ
من حسن هٰذا العمل وطلب من تلاميذ لِابراهيم اَنْ

يقترحوا مكافأة يكافأ ابراهيمُ

فقال سمير ان احسن مكافأة لابراهيم ان نكتب هذه القصة في كراسة المحادثة لتكون ذكرى لهذا العمل الجميل

فوافق الاستاذ على هذا الرأي وصار اسم ابراهيم عاليًا۔

ترجمہ:

اور جب ابراہیم سکول گیا تو اسے عربی لغت / زبان کے استاذ نے تھکا ہوا پایا اور اس سے اس تھکاوٹ کے بارے میں سوال کیا۔

پس ابراہیم نے ان کے سامنے یہ قصہ بیان کر دیا تو استاذ اس کام کی اچھائی / اس اچھے کام سے خوش ہو گیا اور ابراہیم کے لیے شاگردوں سے یہ طلب کیا کہ وہ پسند کریں ایک ایسا بدلہ جو ابراہیم کو دیا جائے

تو سمیر نے کہا بے شک ابراہیم کیلئے سب سے اچھا بدلہ یہ ہے کہ ہم اس قصے / واقعے کو المحادثہ کی کاپی میں لکھ دیں تاکہ یہ (لکھنا) اس اچھے کام کے لیے یادگار ہو جائے

پس استاذ نے اس رائے پر اتفاق کر لیا اور ابراہیم کا نام بلند ہو گیا۔

كَمْ (كتنے)

ترجمہ: پلیٹ میں کتنے سیب ہیں، پلیٹ میں تین سیب ہیں
میز کے اوپر کتنی کتابیں ہیں میز کے اوپر چار کتابیں ہیں
درخت پر کتنے پرندے ہیں درخت پر دو پرندے ہیں
اور کتنے پرندے تو اس (درخت) کے نیچے ہیں اسکے نیچے تین پرندے ہیں
کتنی کھڑکیاں ہیں جنہیں تو دیکھتا ہے اس عمارت میں
میں اس عمارت میں دس (۱۰) کھڑکیاں دیکھتا ہوں
اور کتنے دروازے ہیں اس (عمارت) کے اس کا ایک دروازہ ہے
کتنے سکے ہیں اشرفی میں اشرفی میں سو سکے ہیں
کتنے (سکوں) کے بدلے تو اس کتاب کو خریدتا ہے
میں اس کتاب کو تین سکوں کے بدلے خریدتا ہے

صفية وقططها
(صفیہ اور اسکی بلیاں)

ترجمہ: صفیہ ایک رحم دل لڑکی تھی جو بلیوں سے محبت کرتی تھی۔ اور اسکی ایک خوبصورت بلی تھی جسے اس نے خود / بذاتِ خود پالا تھا یہاں تک کہ وہ بڑی ہو گئی اور اس (بلی) نے تین عجیب شکل والی تین بلیاں جنی۔ اور تھا صفیہ ان سے محبت کرتی تھی اور ان پر بہت شفقت کرتی تھی۔
اور کئی دفعوں / مرتبوں میں سے ایک مرتبہ ایک چوہے نے ارادہ کیا کہ وہ صفیہ کو کاٹ دے اس حال میں کہ وہ سوئی ہوئی ہو۔ پس اس (چوہے)

پھر ان بلیوں نے حملہ کر دیا اور اسے فوراً قتل کر دیا
پس صفیہ اس سے خوش ہوئی اور ان خوبصورت
بلیوں کے لیئے عنایت (توجہ) اور اکرام (عزت) میں
اضافہ کر دیا

سوالات

① آنے والے سوالات کے جواب دیں

ا- كم عدد القطط اللتى كانت عند صفية
عدد القطط اللّتی كانت عند صفيه اربع
ان بلیوں کی تعداد چار (4) ہے جو صفیہ کے پاس تھی

ب- هل كانت صفية تحب القطط؟
نعم كانت صفية تحب القطط

ج- ماذا اراد الفأر ان يفعل؟
اراد الفأر ان يَّعَضَّ صفيةَ و هى نائمة

د- ماذا فعلت القطط للفأر؟
هجمت عليه القطط وقتلتهُ فى الحال

ه- مافعلت صفية للقطط بعد قتل الفأر؟
زادت صفيةُ فى العِنايَةِ والاكرام للقطط بعد
قتل الفأرِ

② آنے والے کلمات کو ترتیب دے اور ان سے ایک مفید جملہ بنا

جواب هجمت القطط على الفأرِ وقتلته
(بلیوں نے چوہے پر حملہ کیا اور اسے قتل کر دیا)

71

النجدة (بہادری، مدد)

شبت بھڑک اٹھی - روشن ہوگئی - جل اٹھی - احاطت گھیرنا، احاطہ کرنا

اخذ شروع ہوگیا - (یہ فعل شروع ہے اس کے بعد والے دونوں فعلوں کا مصدری ترجمہ کریں گے یعنی یصرخ ویستغیث چیخنا اور پکارنا -

فی المدارس الثانویۃ: ہائی سکول کا - نیران آگ - نار کی جمع

تسلق: چڑھ گیا - نفذ: اندر گیا - داخل ہوا - یصاب پہنچے / یا پہنچائی جائے - شہامۃ ہمت - مروءۃ، مردانگی -

ترجمہ:

ایک گھر آگ بھڑک اٹھی اور اس نے چھوٹے بچے کو گھیر لیا تو وہ چیخنا اور پکارنا شروع ہوگیا - پس ہائی اسکول کا ایک طالب علم آگے بڑھا اس حال میں کہ وہ سیڑھی اٹھائے ہوئے تھا اور اس نے یہ دیکھا کھڑکیوں میں سے ایک (کھڑکی) تک آگ نہیں پہنچی - تو اس نے دیوار پر سیڑھی رکھی اور اس پر چڑھ گیا - پھر وہ کھڑکی سے اندر گیا اور بچے کو اپنی باہوں / آستینوں کے درمیان اٹھایا اور اسے زمین کی طرف اتارا بغیر اس کے کہ ان میں سے کسی ایک کو اذیت پہنچی ہو / پہنچے پس حاضرین / موجود لوگوں نے اُس (طالبعلم) کیلئے تالیاں بجائی اور اسکا شکریہ ادا کیا اسکی ہمت اور اسکی مردانگی پر

اسئلۃ

(1) گزشتہ حصے / پیراگراف کو پڑھ اور جواب دے ان (سوالوں) کے جو آئیں

این كان الطفل

كان الطفل في منزل

من الذي انقذه

انقذه طالب في المدارس الثانوية

اس (بچے) کو بچایا ہائی اسکول کے طالب علم نے

بم تصف عمل الطالب

طالب (علم) کے (اس عظیم الشان) کام کو تو کن (الفاظ) کے ساتھ بیان کرے گا

كان طالبًا ذا شهامة انقذ الطفل من النار

وہ ایک باہمت / باحوصلہ طالب علم تھا جس نے بچہ کو آگ سے بچا لیا

لم شكره الناس (لوگوں نے اس کا شکریہ کیوں ادا کیا؟)

شكره الناس لانه انقذ الطفل من النار

لوگوں نے اس کا شکریہ اس لئے ادا کیا کیونکہ اس نے بچے کو آگ سے بچا لیا۔

(۲) آنے والی تصاویر سے درج ذیل / یا ملی ہوئی حکایت بنا۔

(۱) ایک نوجوان کی تصویر جو سڑک پر چل رہا ہے اور پیسوں والا کا بیگ (منی بیگ Mony Bag) اٹھاتا ہے

(۲) نوجوان بیگ حوالے کرتا ہے افسر کے

(۳) افسر کا اس (نوجوان) کو مال کی رقم دینا

(۴) پیسے والے (آدمی) کا آنا / حاضر ہونا اور اس کا نوجوان کی تعریف کرنا۔

حکایت :

ذَاتَ یَوْمٍ کَانَ الْفَتیٰ یَسِیْرُ فِی الشَّارِعِ فَرَأیٰ حَافِظَۃَ النُّقُوْدِ فِی الشَّارِعِ فَالْتَقَطَھَا۔

وَسَلَّمَ الْحَافِظَۃَ اِلَی الضَّابِطِ (اَلْقَائِمِ عَلیٰ طَرَفِ الشَّارِعِ)

فَاَعْطَاہُ الضَّابِطُ مَبْلَغًا مِّنَ الْمَالِ (عَلیٰ حُسْنِ فِعْلِہٖ)

وَبَعْدَ بُرْھَۃٍ حَضَرَ صَاحِبُ النُّقُوْدِ فَسَلَّمَ (الضَّابِطُ) الْحَافِظَۃَ اِلَیْہِ۔

فَاَثْنیٰ (ھُوَ اَیْ صَاحِبُ النُّقُوْدِ) عَلَی الْفَتیٰ (وَشَکَرَ اللّٰہَ وَحَمِدَہٗ)

(نوٹ : اس حکایت جو الفاظ قوسین (بریکٹ) میں دیئے گئے ہیں انکو شامل نہ بھی کریں تب بھی حکایت اپنی جگہ درست ہوگی)

ترجمہ :

ایک دن نوجوان سڑک / روڈ پہ چل رہا تھا پس اس نے سڑک پہ پیسوں کا بیگ دیکھا تو اسے اٹھا لیا۔

اور بیگ کو پولیس مین / پولیس افسر کے حوالے کر دیا (جو کہ سڑک کے کنارے کھڑا تھا)

پس اسے پولیس افسر نے مال میں کچھ رقم دی (اسکے اس اچھے کام کی وجہ سے) اور تھوڑی دیر کے بعد پیسوں کا مالک / پیسوں والا آگیا تو پولیس افسر نے بیگ اسکے حوالے کر دیا

پس اس (یعنی پیسوں / نقدی کے مالک نے) نے نوجوان کی تعریف کی اور اللہ کا شکر کیا اور اسکی حمد بیان کی

بعض الالفاظ

(چند الفاظ)

ترجمہ:

ہنہنانا: گھوڑے کی آواز

بھونکنا: کتے کی آواز

دہاڑ/چنگھاڑ شیر کی آواز

غڑغوں: کبوتر کی آواز

بھونکنا: بھیڑیا کی آواز

میاؤں: بلی کی آواز

بھنبھناہٹ: مکھی کی آواز

پھڑپھڑاہٹ: پانی کی آواز

سرسراہٹ: درخت کی آواز

تالی: دو ہاتھوں سے ہوتی ہے کیونکہ ایک ہاتھ تالی نہیں بجاسکتا (ایک ہاتھ سے تالی نہیں بج سکتی)

انگوٹھی: اسے انگلی میں زینت کے لئے پہنا جاتا ہے

زیور: وہ جسے عورت زینت کیلئے پہنے۔

پس کنگن: اسے ہاتھ میں زینت کیلئے رکھا جاتا ہے

اور پازیب: اسے پاؤں میں زینت کیلئے رکھا جاتا ہے

اور ہار: وہ دھاگا جس میں جواہرات (یا گھونگا یا موتی یا سونا ہوتا ہے اور اسے گردن میں زینت کیلئے رکھا جاتا ہے (یا پہنا جاتا ہے ≡ پہنایا جاتا ہے والا ترجمہ درست نہیں رہے گا کیونکہ جعل یجعل کا کبھی کبھی اصلی معنیٰ سے عدول کرکے موقع کے مناسب ترجمہ کیا جاتا ہے

اور بالی: اسکے ذریعے کان کو آراستہ کیا جاتا/زینت دیجاتی ہے

العصفور الصغیر

(چھوٹی چڑیا)

ترجمہ:

چھوٹی چڑیا اُڑی اور کھڑکی سے گھر/عمارت کے اندرونی/داخلی حصہ کی طرف داخل ہوگئی۔ اور منصور چارپائی پر تھا۔

منصور نے اس چھوٹی چڑیا کو کمرے کے اندرونی حصہ میں دیکھا تو اس نے دروازوں اور کھڑکیوں کو بند کردیا اور اسے اس کے پَر سے پکڑا اور دیکھنا شروع ہوگیا اس چڑیا کی طرف اور اسکی چونچ اور اس کے پر اور اس کے پاؤں/ٹانگوں کی طرف

پھر اس نے اس (چڑیا) کو پرندوں کیلئے تیار کردہ/کئے ہوئے پنجرے میں رکھا اور اسے کھانا اور پانی پیش کیا۔ پس اس (چڑیا) نے نہ تو کھایا اور نہ ہی پیا اور چڑیا نے منصور کیطرف دیکھا اور گویا وہ (چڑیا) زبانِ حال سے کہہ رہی تھی (نہ کہ قال سے ---) کہ:

میں چاہتی ہوں کہ میں اپنی ماں اور اپنے ابو اور اپنے بہن بھائیوں کی طرف لوٹ جاؤں اور ہوا میں ٹہنیوں کے اوپر اُڑوں اور زمین کی طرف اُتروں اور آسمان کی طرف چڑھوں۔

پس منصور نے اس چڑیا پر شفقت (مہربانی) کی اور اسے پنجرے سے چھوڑ دیا اور اس کے لئے دروازے اور کھڑکیاں کھول دی۔ پس وہ اڑ گئی اس حال میں کہ وہ خوش اور شاداں تھی

سوالات:

(١) این کان منصور حینما دخل العصفور
(منصور کہاں تھا جب چڑیا داخل ہوئی)
کان منصور في السریر حینما دخل العصفور
(منصور چارپائی پر تھا جب چڑیا داخل ہوئی)

(٢) ماذا فعل منصور مع العصفور
(منصور نے عصفور (چڑیا) کے ساتھ کیا کیا)
اَمْسَکَ بِہٖ منصور وَقَیَّدَہٗ في القفص
(منصور نے اسے پکڑا اور اسے پنجرے میں قید کر دیا)

(٣) ماذا قال العصفور
قال العصفور: اَریدُ ان اعودَ الیٰ ابي وامي واخوتي واَطِیرَ واَنْزِلَ وَاَصْعَدَ۔

(٤) هل اطلق منصور العصفور
نعم! اطلق منصور العصفور

(٥) کیف کان حال العصفور وهو في القفص
(چڑیا کی حالت کیسی تھی جبکہ وہ پنجرے میں تھی)
کَانَ حَالُ العصفورِ اَنَّهٗ لم یاکلْ ولم یَشْرَبْ وهو في القفَصِ
(چڑیا کی حالت یہ تھی کہ نہ تو اس نے کھایا اور نہ پیا اس حال میں/جبکہ وہ پنجرے میں تھی)

(٦) " " " " وهو یطیر في الهواء
خالی جگہ: کَانَ العصفورُ فَرَحَانًا ومسرورًا وهو یطیر في الهواء
(چڑیا خوش اور شاداں تھی اس حال میں کہ وہ ہوا میں اڑ رہی تھی)

"بيت الدجاج"
(مرغیوں کا گھر)

ترجمہ:

محمود چھت پر چڑھا پس اس نے پنجرے میں مرغیوں اور متعدد انڈوں کو دیکھا اور اسے اس منظر نے متعجب / حیران کردیا یا پسند آگیا۔

پھر محمود دوبارہ / دوسری بار چڑھا تو اس نے بڑی مرغی کو دیکھا اس حال میں وہ سو رہی / بیٹھی تھی اور اس کے نیچے انڈے تھے۔ اور چند / کچھ دنوں کے بعد اس نے مرغی کو دیکھا اس حال میں کہ اس کے ارد گرد چھوٹے چھوٹے چوزے تھے۔

محمود خوش ہوگیا اور اس (مرغی) کے لئے چاول اور گندم اور مکئی لے آیا / لایا تاکہ وہ (مرغی) چھوٹوں (چھوٹے بچوں) کو کھلائے۔

سوالات

(ا) ماذا رأى محمود في القفص؟

(محمود نے پنجرے میں کس چیز کو دیکھا)

رأى محمود الدجاج في القفص وعددًا من البيضِ / البيضَ

(محمود نے پنجرے میں مرغیوں اور چند / کچھ انڈوں (یا صرف) / انڈوں کو دیکھا)

(ب) اين كانت الدجاجة الكبيرة

كانت الدجاجة الكبيرة فوق السطح وتحتها البيض

(بڑی مرغی چھت کے اوپر تھی اور اس کے نیچے انڈے تھے)

(ج) من اين جاءت الفراريج (آئے فَرُّوْجُ کی جمع ہے)

جاءت الفراريج من البيض

(چوزے آئے انڈوں سے)

(د) ماطعام الدجاج (مرغیوں کی غذا کیا ہے)

طَعامُ الدجاجِ: الحبوبُ والأرزُ والقَمحُ والذُّرَة

(۲) آنیوالے کلمات کو ترتیب دے اور ان سے مفید جملہ بنا۔

وتحتها - راقدة - الكبيرة - البيض - الدجاجة

الدجاجة الكبيرة راقدة وتحتها البيضُ

(بڑی مرغی بیٹھی ہوئی ہے اس حال میں اسکے نیچے انڈے ہیں)

اختبار (امتحان / آزمائش)

(۱) آنیوالے / درج ذیل سوالوں کے جواب دے:

(ا) ماذا ياكل الدجاج

ياكل الدجاج الحبوب والأرز والقمح والذرة

(مُرغیاں دانے اور چاول اور گندم اور مکئی کھاتی ہیں)

(ب) اين تزرع شجيرات الزهور

تزرع شجيرات الزهور في الحقولِ / حَولَ البيُوتِ

ترجمہ: کلیوں کے چھوٹے چھوٹے درخت کھیتوں میں / یا / گھروں کے ارد گرد کاشت کئے جاتے ہیں

(ج) متى تُلبس الملابس الخفيفة

تُلبسُ الملابسُ الخفيفةُ في الصيف

(ہلکے / باریک کپڑے گرمیوں میں پہنے جاتے ہیں)

(۲) آنیوالے کلمات کو ترتیب (ترتیب سے رکھو) اور ان سے ایک جملۂ مفیدہ بنا؟

الملابس - الاطفال - یحب - الجدیدة

یُحِبُّ الاطفالُ الملابسَ الجدیدةَ

(بچے نئے کپڑے پسند کرتے ہیں)

(۳) آنیوالے کلمات میں سے ہر کلمہ کو جملہ میں رکھو۔

المسرة - السیارة - السماعة - یغرد

المسرة ← نحن نتکلم فی المسرة (ہم ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہیں)

السیارة ← رَکِبتُ السَّیارةَ مع ابی واختی

السماعة ← نحن نَسْمَعُ الصَّوتَ من السَّمّاعة (ہم رسیور سے آواز سنتے ہیں)

یغرد ← بعضُ الطیورِ یُغرِّدُ تغریدًا جمیلًا

(بعض / کچھ پرندے خوب صورت گن گاتے ہیں)

(۴) آنیوالی تصاویر میں ہر ایک کو مفید جملے میں بیان کریں:

(ا) صورة مکتب:

جملہ: المکتب موضوع امام الکرسي

ترجمہ:

(ب) صورة خمس وردات:

جملہ: فی هذه الزهریة اللتي علی المکتب خمس وردات

(اس گل دان میں جو کہ میز پر ہے پانچ پھول ہیں)

(ج) صورة کُوب۔

جملہ: هذا کُوبٌ زُجاجِیٌّ / کوبُ الزُّجاجةِ۔

یہ شیشہ والا گلاس / یا شیشہ کا گلاس ہے

(د) صورة ثلاث کرات تنس۔

راستے میں تھا، اور ہم نے اس (ٹیلہ) کے دامن میں سرسبز
وادی کو دیکھا اس حال میں کہ ہم اس (ٹیلے) کی چوٹی پر تھے
اور دوپہر کے وقت ہم سب/تمام/سارے
سبھی گھاس پر اور درختوں کے نیچے بیٹھے اور
ہم نے دوپہر کا کھانا لنچ کھایا۔
اور دوپہر کے کھانے کے بعد ہم اپنے استاذ/ٹیچر
کے اردگرد دائرے/حلقے کی صورت میں بیٹھے پس
انہوں نے ہمیں بہت سے دلچسپ قصے سنائے۔
اور ہم تو چاہتے تھے کہ ہم وہاں پورا دن کھلی
ہوا میں ٹھہریں اور لیکن ہمارے استاذ نے ہمیں
خبر دی / بتایا کہ ہم لوٹ جائیں گے/لوٹ جائیں/
واپس چلے جائیں گے/چلے جائیں۔ تو ہم شام کو اپنے
گھروں کی طرف واپس آ گئے/ لوٹ آئے۔
بے شک میں اس دلچسپ سفر/سیر/ٹور
کو نہیں بھولوں گا

اسئلۃ:

(۱) اپنے بھائیوں کے سامنے اس سیر/سفر کی
حالت و کیفیت بیان کریں/یا کوئی خوبی بیان کریں

جواب:

كَانَتْ هٰذِهِ الرِّحْلَةُ جَمِيْلَةً جِدًّا۔ سُرِرْنَا مِنْهَا جَمِيْعًا
كَانَ مَعَنَا مُعَلِّمُنَا فِىْ هٰذِهِ الرِّحْلَةِ مُعَلِّمُنَا اَسْمَاءَ الْأَشْيَاءِ

اللّتِیْ رَأَیْنَا فِی الرِّحْلَةِ وَأَقَصَّ (أیضًا) عَلَیْنَا قِصَصًا سَارَّةً، فَلَا نَنْسٰی

هٰذِهِ الرِّحْلَةَ السَّارَّةَ

ترجمہ:

یہ بہت اچھا سفر تھا ہم سب اس سے مسرور (خوش) ہوئے اس سفر میں ہمارے ساتھ ہمارے استاذ (صاحب) تھے اور انہوں نے ہمیں ان چیزوں کے نام سکھائے جنہیں ہم نے سفر میں دیکھا اور انہوں ہمیں اچھے اچھے / دلچسپ قصے بھی سنائے / بیان کیئے پس ہم اس دلچسپ سفر کو نہیں بھولیں گے

(۲) اس سفر کا خلاصہ لکھیں:

خلاصہ (۱)

ذَهَبْنَا فِی رِحْلَةٍ اِلٰی قَرْیَةٍ مع مُعَلِّمِنَا فِی الأُسْبُوعِ الماضِیْ، فَشَاهَدْنَا الاَشجارَ و الازهارَ و غیرَ ذالِکَ فَعَلَّمَنَا اُسْتَاذُنَا اسماءَهَا۔

وَ رَأَیْنَا الْوَادِیَ الْخَصِیْبَ الحَسِیْنَ فِی اَسفَلِ تَلٍّ حیثُمَا کُنَّا عَلٰی قِمَّتِهٖ۔

وَعِندَ الظُّهرِ تَنَاوَلْنَا الغَدَاءَ و بعدَ ذالِکَ جَلَسْنَا حَوْلَ الأُسْتَاذِ فَقَصَّ عَلَیْنَا قِصَصًا کَثِیْرَةً

وَرَجَعْنَا فِی الْمَسَاءِ اِلٰی بُیُوْتِنَا فلا انْسٰی هٰذِهِ الرِّحْلَةَ

ہم گزشتہ ہفتے میں اپنے استاذ کے ساتھ ایک گاؤں کی طرف سیر کیلئے گئے پس ہم نے درخت اور کلیاں وغیرہ دیکھیں پس ہمارے استاذ نے ہمیں ان کے نام سکھائے

اللّتی رأینا فی الرّحلۃ وأقصّ علینا ایضاً قصصاً سارّۃً، فلا ننسی

ھذہ الرّحلۃ السّارّۃ

ترجمہ:

یہ بہت اچھا سفر تھا ہم سب اس سے مسرور (خوش) ہوئے اس سفر میں ہمارے ساتھ ہمارے استاذ (صاحب) تھے اور انہوں نے ہمیں ان چیزوں کے نام سکھائے جنہیں ہم نے سفر میں دیکھا اور انہوں ہمیں اچھے / دلچسپ قصے بھی سنائے / بیان کئے پس ہم اس دلچسپ سفر کو نہیں بھولیں گے

(۲) اس سفر کا خلاصہ لکھیں:

خلاصہ (۱)

ذَھبنَا فِی رِحلۃٍ اِلی قریۃٍ مع مُعلّمنا فی الأسبوعِ الماضی، فَشاھدنا الاشجار والازھار وغیر ذالک فَعلّمنا اُستاذُنا اسماءھا۔

ورأینا الوادی الخَصیبَ الحَسینَ فی اسفلِ تلٍّ حینما کُنّا علی قِمّتہٖ۔

وعند الظُّھر تناولنا الغداءَ وبعد ذالک جلسنا حَولَ الأُستاذِ فقصّ علینا قصصاً کثیرۃً

ورجعنا فی المساءِ الی بُیُوتنا فلا ننسی ھٰذہ الرّحلۃ

ہم گزشتہ ہفتے میں اپنے استاذ کے ساتھ ایک گاؤں کی طرف سیر کیلئے گئے پس ہم نے درخت اور کلیاں وغیرہ دیکھیں پس ہمارے استاذ نے ہمیں ان کے نام سکھائے

اور ہم نے ایک ٹیلے کے دامن میں سر سبز خوبصورت
وادی کو دیکھا جبکہ ہم اس (ٹیلہ) کی چوٹی پر تھے
اور دوپہر کے وقت ہم نے دوپہر کا کھانا کھایا اور اس کے
بعد ہم استاذ (صاحب) کے ارد گرد بیٹھ گئے تو انہوں نے ہمیں
بہت سے قصے سنائے
اور شام کو ہم اپنے گھروں کی طرف واپس آگئے (میں) اس سفر کو
نہیں بھولوں گا۔

یا

خلاصة: (۲)

ذَاتَ مَرَّةٍ ذَهَبْنَا مَعَ اُسْتَاذِنَا فِي رِحْلَةٍ اِلَى قَرْيَةٍ فَشَاهَدْنَا
الاشجار والازهار - وَصَعِدْنَا اِلَى تَلٍّ وَرَاَيْنَا الْوَادِيَ فِي اَسْفَلِهِ
وَبَعْدَ الْغَدَاءِ جَلَسْنَا حَوْلَ اُسْتَاذِنَا فَقَصَّ عَلَيْنَا قِصَصًا
كَثِيْرَةً وَرَجَعْنَا فِي الْمَسَاءِ اِلَى بُيُوْتِنَا، لَا اَنْسَى هٰذِهِ الرِّحْلَةَ السَّارَّةَ

ایک دفعہ ہم اپنے استاذ کے ساتھ ایک گاؤں / دیہات
کی طرف سیر کے لیے گئے - پس ہم نے درخت اور کلیاں دیکھیں
اور ہم ایک ٹیلے پر چڑھ گئے اور اس کے دامن میں وادی
کو دیکھا -
اور دوپہر کے کھانے کے بعد ہم اپنے استاذ کے ارد گرد بیٹھ گئے
تو انہوں نے ہمیں بہت سے قصے بیان کئے / سنائے - اور ہم
شام کو اپنے گھروں کی طرف لوٹ آئے ، میں اس دل چسپ
(یا خوش کن) سفر کو نہیں بھولوں گا

الساعة:

(اس سبق میں فتحی اور کمال کی گفتگو بیان کی گئی ہے)

الفاظ و معانی ← ھَا: اسم فعل بمعنی خُذ، لے لیجئے ۔ ذی: اسم اشارہ واحد مونث قریب

شریط: پٹا ۔ مِعْصَمِیْ: میری کلائی تعیین الوقت: وقت مقرر کرنا بالضبط: ٹھیک ٹھیک، صحیح طور پر۔

عقرب: سوئی ، دقیقة: منٹ میناء: ڈائل،

المسافة: مرحلہ، فاصلہ ۔ مُثبَتَةٌ: ہے، یا موجود ہے

سلسلةٌ: چین ۔ اُلَاحِظ: میں دیکھتا ہوں

اَلْمُنَبِّہُ: الارم گھڑی ۔ کلاک ۔ جرس، گھنٹی یملؤہ: بھرنا

مسمارٌ خاصٌ: خاص یا خصوصی نٹ یا کیل

المتاجر: مارکیٹیں

ترجمہ:

فتحیُّ: اے کمال کیا تیرے پاس گھڑی ہے۔

کمال: جی ہاں میرے پاس چھوٹی گھڑی ہے، اسے خریدا میرے لئے میرے والد نے جب میں امتحان میں کامیاب/پاس ہوا

فتحی: یہ گھڑی مجھے دکھائیے۔

کمال: لیجئے، وہ (یعنی گھڑی) یہ ہے ۔ بے شک یہ ہاتھ والی گھڑی ہے اِس کیلئے/اِس کا پٹا سفید چمڑے کا ہے۔ اور وہ (گھڑی) میری کلائی میں ہے/ثابت/بندھی ہوئی ہے، جیسا کہ تو دیکھتا ہے۔ ھی اور مثبتة کے درمیان کما تری جملہ معترضہ ہے

فتحی: کیا تو ٹھیک وقت مقرر کرنا جانتا ہے؟

کمال: جی ہاں! میں یہ جانتا ہوں۔ کیونکہ (تحقیق) میرے والد نے مجھے سکھایا ہے کہ: کیسے

کیسے وقت مقرر کروں گھڑی کی طرف دیکھ کر۔

فتحی : ابھی کیا ٹائم / وقت ہے؟

کمال : ابھی ٹائم پورے / ٹھیک 9:00 (نو) ہے۔

فتحی : اور تو کیسے وقت / ٹائم معلوم کرتا ہے؟

کمال : گھڑی کی دو سوئیاں ہیں : ایک چھوٹی ہے اور وہ گھنٹوں کی تعداد کو بیان کرتی ہے،
اور ایک (سوئی) بڑی ہے جو منٹوں کی تعداد بیان کرتی ہے

اور تو دیکھتا ہے کہ گھڑی کا ایک ڈائل ہے جس کے اوپر ایک 1 سے (لیکر) بارہ 12 تک نمبر ہیں۔ اور ہر دو نمبروں کے درمیان پانچ مسافتیں / مرحلے ہیں / یا فاصلے ہیں ان (پانچ مسافتوں یا مرحلوں) میں سے ہر مسافت ایک منٹ کو بیان کرتی ہے

پس ابھی چھوٹی سوئی نو (9) کے نمبر کے اوپر کھڑی ہے اور بڑی (سوئی) بارہ 12 کے نمبر کے اوپر کھڑی / اڑی ہوئی ہے

فتحی : اور جب بڑی سوئی چلے یہاں تک کہ وہ نو (9) کے نمبر تک پہنچ جائے تو کیا ٹائم / وقت ہوگا

کمال : اس وقت / تب ٹائم / وقت ہوگا سوا نو (9:15)۔
کیونکہ چھوٹی سوئی 9 (تسعہ) کے نمبر کی جانب / طرف ہوتی ہے (اس اعتبار سے گھنٹہ 9 والا ہوگا)۔ اور کیونکہ بڑی سوئی تین (ثلاثہ) کے نمبر پر کھڑی ہوتی ہے (وہ تین نمبر کہ) جس کے درمیان اور بارہ 12 کے نمبر کے درمیان پندرہ 15 منٹ ہیں۔
(اس اعتبار سے 15 منٹ۔ یعنی 9:15 ٹائم ہوگا)

فتحی: اور جب بڑی سوئی چھ (ستة) کے نمبر کی طرف/تک پہنچ جائے تو چھوٹی سوئی کہاں تک (کونسے نمبر تک) پہنچ جائے گی؟

کمال: چھوٹی سوئی پہنچ جائے اُس مسافت کے وسط تک/درمیان تک/بیچ میں جو (مسافت) نو (تسعة) کے نمبر کے درمیان اور دس (عشرة) کے نمبر کے درمیان ہے۔ جیسا کہ تو دیکھتا ہے/جیسا کہ دیکھا جاتا ہے (کما ترای کو معروف پڑھیں تو پہلے والا اور مجہول پڑھیں تو دوسرے والا ترجمہ کریں گے)

فتحی: اور اس وقت کیا ٹائم ہوگا۔ (یعنی جب چھوٹی سوئی 9 اور 10 کے نمبر کی درمیانی مسافت کے بیچ میں پہنچ جائے)

کمال: ٹائم ہوگا/وقت ہوگا ساڑھے نو (9:30) کیونکہ تو پائے گا بڑی سوئی کے درمیان اور بارہ 12 کے نمبر کے درمیان تیس 30 مسافتیں اور وہ (یعنی تیس مسافتیں) تیس 30 منٹوں کو بیان کرتی ہیں۔

فتحی: اے کمال کیا تو دیکھتا ہے کہ! یہاں ایک ایسی گھڑی ہے جس کا چمڑے کا پٹا نہیں ہے۔

کمال: جی ہاں! میں یہ دیکھتا ہوں = اور میں دیکھتا ہوں کہ اسکی/اس کے لئے چین ہے، چمڑے کے پٹے کے بدلے/بجائے کیونکہ یہ جیب والی گھڑی ہے۔

فتحی: اے کمال اب میں پہچان گیا (یا اب مجھے پتہ چل گیا) ہاتھ والی گھڑی کی شکل کو اور جیب والی گھڑی کی شکل کو (کہ ہاتھ والی گھڑی کا چمڑے کا پٹا ہوتا ہے جبکہ جیب والی گھڑی کی چین ہوتی ہے) پس کیا تو جانتا ہے گھڑیوں کی اقسام میں سے ایک اور قسم؟

کمال: جی ہاں! میں جانتا ہوں ایک دوسری قسم جیسے "الارم گھڑی"

کا نام دیا جاتا ہے۔ اور وہ ایسی گھڑی ہے جس کی گھنٹی ہوتی
ہے جو بجتی ہے اس وقت میں جس کا تو ارادہ کرے / کرتا ہو
فتحی: یہ ٹھیک ہے / (زبردست ہے) اور ہمارے پاس
ایک الارم گھڑی ہے جسے میرے ابو جان بھرتے ہیں ہر رات
نیند / آرام کے بستر کی طرف پہنچانے سے پہلے۔ اور اس (گھڑی)
کی ایک تیسری سوئی ہے۔ اس کیلئے / اس کا مخصوص کیل
یا نٹ ہے۔ اور وہ (نٹ) ایسا ہے / وہ جو اس وقت
کو مقرر / محدود کرتا ہے جس میں گھنٹی بجتی ہے
کمال: اس منبّہ (الارم گھڑی) کی گھنٹی کب بجتی
ہے جو تمہارے پاس ہے
فتحی: بے شک / تحقیق میں نے اسے ایک مرتبہ سنا اس
حال میں کہ وہ بج رہی تھی / بجتے ہوئے سنا (مرۃً مفعول فیہ ہے سمعته کا)
پس میں نیند سے اٹھ گیا / اٹھ کھڑا ہوا (یعنی بیدار ہو گیا) اور
میں نے اس کی طرف دیکھا تو میں نے
(تین سوئیوں میں سے) سب سے چھوٹی سوئی کو پایا چھ
(ستّۃ) کے نمبر کے اوپر اور بڑی (سوئی) کو بارہ ۱۲ کے نمبر کے
اوپر تو (اب کمال تم بتاؤ) اس وقت / تب کیا ٹائم ہوگا (تھا)
کمال:
بے شک اس وقت ٹائم پورے / مکمل / ٹھیک 6:00 ہوگا۔
فتحی: اور کیا تو گھڑیوں کی اقسام میں سے چوتھی قسم جانتا ہے
کمال: جی ہاں
کیا تو دیکھتا ہے بعض میدانوں / کھلی جگہوں میں بڑی گھڑی کو
بلند / اونچے کھمبے کے اوپر رکھی ہوئی

فتحی : جی ہاں ! (یہ) میں ابھی یاد کرتا ہوں / یا (یہ) مجھے ابھی یاد ہے -

کمال : اور کیا تمہارے مدرسے / اسکول میں ایک بڑی گھڑی ہے جو ہو / ثابت ہو / لگی ہوئی ہو / لٹکی ہوئی اس (اسکول / مدرسے) کی کسی دیوار کے اوپر / پر -

فتحی ، جی ہاں یہ بھی میں یاد کرتا ہوں / یا یاد ہے -

کمال ، وہ گھڑی جیسے تو میدانوں میں دیکھتا ہے اسے میدانی گھڑی (square clock) کا نام دیا جاتا / کہا جاتا ہے - اور وہ گھڑی جیسے تو دیوار کے اوپر دیکھتا ہے اسے دیواری گھڑی / دیوار کی گھڑی / دیوار والی گھڑی (Wall clock وال کلاک) کا نام دیا جاتا ہے - (اس جملے میں کمال فتحی کو صرف خبر دے رہا ہے کہ اس گھڑی کو یہ کہتے ہیں اس گھڑی کو یہ کہتے ہیں - سوال نہیں کر رہا)

فتحی : اور کیا دیوار والی گھڑی (وال کلاک) کو ہم صرف اسکولوں / مدرسوں میں دیکھتے ہیں ؟

کمال : نہیں ! (اس عبارت میں اتنا ترا ھا نہیں بلکہ اتنا نرا ھا ہے) بے شک ، ہم انہیں دیکھتے ہیں بہت سے کمروں میں حکومتی وزارتوں / حکومتی اداروں میں اور بعض بڑی مارکیٹوں اور گھروں میں =

فتحی : اور میدانی گھڑی کا کیا فائدہ ہے -

کمال : بڑی گھڑیاں میدانوں میں رکھی جاتی / کھلی جگہوں یا کشادہ جگہوں میں رکھی جاتی ہیں تاکہ لوگ انہیں دیکھیں اور ٹھیک / درست وقت معلوم کریں / کر سکیں جب ان کے پاس گھڑیاں نہ ہوں یا ان پر یا ان سے ملائیں / ملا سکیں اپنی گھڑیاں جب کہ ان کے پاس گھڑیاں ہوں

فتحی: اے کمال میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں (مشکور ہوں)
بس میں نے گھڑیوں کی قسموں / اقسام کے بارے
میں اور وقت معلوم کرنے کے بارے میں / متعلق بہت سی
چیزیں معلوم کر لیں ہیں یا جان گیا / جانی ہیں
کمال: معاف فرمائیے گا / معاف فرمائیے اے بھائی
سلامتی کے ساتھ اور ملاقات تک۔
فتحی: اللہ آپکو سلامت رکھے۔ اور ملاقات تک سے (اس
کا محاورہ ترجمہ: پھر ملیں گے یا پھر ملاقات ہوگی

الثعلب الماکر

(چالباز / دھوکہ باز لومڑ) مجھے اس کی تشکیل یعنی نقالی کریں۔

ترجمہ :

ابو قردان : (یعنی: بگلا)

اے چیل میرے لئے کیا ہے / مجھے کیا ہے / مجھے کیا ہوا کہ میں تجھے غمزدہ / پریشان دیکھتا ہوں حالانکہ تو تو اپنے گھونسلے میں اور اپنے بچوں کے درمیان ہے (پھر تو کیوں پریشان ہے)

چیل :

بے شک میں پریشان ہوں اپنے بچوں پر لومڑ سے اپنے خوف کی وجہ سے۔ پس / چنانچہ عنقریب ابھی وہ آئے گا اور مجھ سے یہ طلب کرے گا کہ میں اس کی طرف اپنے چھوٹے بچے پھینکوں تاکہ وہ انہیں کھائے۔

ابو قردان : (بگلا)

اور جب تو اس کی طرف اپنے بچوں کو نہ پھینکے گی / تو نے اس کی طرف اپنے بچوں کو۔ نہ پھینکا تو وہ کیا کرے گا / کر لے گا۔

چیل :

بے شک وہ مجھے میری طرف درخت کے اوپر چڑھنے / چڑھ آنے کی دھمکی دے گا تاکہ وہ مجھے کھائے

ابو قردان :

اور کیا یہ بات اس (لومڑ) کی طرف سے بہت (دفعہ) پیش آئی ہے (یعنی کیا پہلے بھی اس نے تجھے کوئی دھمکیاں دی ہیں) ؟

چیل :

ہاں ہاں / جی ہاں۔ چنانچہ / پس جب کبھی وہ جانتا

ہے / اسے معلوم ہوتا / پتہ چلتا ہے کہ انڈے ٹوٹ گئے / چکے ہیں
(اور بچے باہر نکل آئے ہیں انڈوں سے) تو وہ آتا ہے اور
مجھے چڑھنے / چڑھ آنے کی دھمکی دیتا ہے اگر میں اسکی طرف اوپر
بچے نہ پھینکوں تو۔

ابو قردان:

بے شک تو غلطی پر ہے، پس / کیونکہ وہ تو اوپر ہونے
یا اوپر چڑھنے کی طاقت ہی نہیں رکھتا، پس جب وہ تیرے
پاس اس دفعہ آئے نا تو تو اسے کہہ دینا کہ: اوپر آ / اوپر
چڑھ اگر تیری طاقت ہے / اگر تو طاقت رکھتا ہے / تیرے اندر طاقت ہے۔
پس اگر تو نے (ایسا کر دیا (اوپر چڑھ آیا) تو میں اُڑ جاؤں
گی فضا میں اور میں نجات پا جاؤں گی۔ (تیرے شر سے) اور اگر
تیری طاقت نہ ہوئی / اور اگر تو نہ کر سکا تو میں بچ جاؤں گی اور
میرے بچے بچ جائیں گے / میں چھٹکارا پا جاؤں گی اور میرے بچے چھٹکارا
پا جائیں گے۔

(یہ کہہ کر ابو قردان چلا جاتا ہے اور تھوڑی دیر بعد لومڑ آ جاتا ہے)

الثعلب:

اے چیل اپنے بچے ڈال / پھینک۔ ورنہ میں تیری
طرف چڑھ آؤں گا اور تجھے چیر پھاڑ کر دوں گا / تیرے ٹکڑے
ٹکڑے کر دوں گا۔

چیل:

چڑھ آ۔ اگر تیری طاقت ہو / اگر تو طاقت رکھے پس
اگر تو چڑھ (بھی) آیا تو میں اڑ جاؤں گی اور نجات پا جاؤں
گی، اور اگر تو طاقت نہ رکھے / تیری طاقت نہیں ہے تو میں

تیرے شر سے نجات / چھٹکارا پا جاؤں گی اور میرے بچے نجات پا جائیں گے

الثعلب :

یہ بات تجھے کس نے سکھائی ہے / پڑھائی ہے (پہلے تو تُو ڈر رہی تھی اب ذرا بھی پریشان نہیں ہے سیدھے فسیر کر رہی ہے)

چیل : مجھے (یہ بات) ابو قردان نے سکھائی ہے۔

(اسی اثناء میں ابو قردان بھی آ جاتا ہے اور لومڑ اس سے نمٹتا ہے)

الثعلب :

اوئے ابو قردان !

بیشک میں پرندوں کو بہت پسند کرتا ہوں / پرندوں سے حیران ہوں پس یہ کیا ہی خوبصورت (ہوتے) ہیں اور انکے پر کیا ہی حسین / اچھے ہیں۔ (یا بہت ہی اچھے ہوتے ہیں)

اور تحقیق میں نے سنا ہے / سن رکھا ہے کہ جب ہوا چلتی ہے نا تو پرندے اپنے پروں کے ذریعے ہوا سے بچ جاتے / بچتے ہیں، تو یہ کیا ٹھیک ہے / صحیح ہے ؟

ابو قردان :

جی ہاں ! بے شک ہم یہ کر سکتے ہیں / ہم اسکی طاقت رکھتے ہیں کہ ہم ہوا سے بچ جائیں اپنے پروں کے ذریعے

الثعلب : جب تجھ پر تیری بائیں جانب سے ہوا آئے / آتی ہے تو تُو کیا کرتا ہے / کرے گا۔

ابو قردان : میں اپنا سر اپنے دائیں پر کے نیچے رکھ لیتا ہوں۔

الثعلب : اور جب تجھ پر / تیرے پاس تیری دائیں جانب سے ہوا آئے / آتی ہے تو تُو کیا کرتا ہے / کرے گا۔

ابو قردان : میں اپنا سر اپنے بائیں / الٹے پر کے نیچے رکھتا ہوں

الثعلب : اور جب تیرے پاس (ہوا) ہر طرف / سمت سے آئے تو ؟

(یعنی تو پھر تو کیا کرتا ہے)

ابو قردان :

میں اپنے دونوں پر اپنے سر پر رکھ کر (دونوں پروں کو) ملا دیتا ہوں

الثعلب : مجھے (بھی) دکھا کہ تو کیا کرے گا (یعنی مجھے بھی کر کے دکھاؤ)

اس منظر کو دیکھنے کا بے شک میں مشتاق ہوں / میں دلچسپی رکھتا ہوں

— — اور جب اس (ابو قردان) نے (ایسا) کیا . (کر کے دکھایا)

لومڑی نے اس پر حملہ کر دیا اور اسے پکڑ لیا

الثعلب :

اے نادان! کیا تو دوسرے کو / اپنے علاوہ کو / اپنے غیر کو سکھاتا ہے اور اپنے آپ کو بھولتا / بھول جاتا ہے ؟

اسئلة (سوالات)

(۱) ماذا كان يفعل الثعلب مع الحدأة ؟

كان الثعلب يطلب منها أن تلقي اليه افراخها ؟

لومڑ اس (چیل) سے یہ طلب کرتا تھا کہ وہ اسکی طرف اپنے بچے پھینکے

(۲) ماذا كانت تفعل الحدأة ؟

كانت الحدأة تلقي افراخها الى الثعلب

چیل اپنے بچے لومڑ کی طرف پھینکتی / پھینک دیتی تھی

(۳) لم كانت الحدأة حزينة

كانتِ الحدأةُ حَزِينةً لِخَوْفِهَا علىٰ افراخِهَا مِنَ الثعلب

چیل لومڑی سے اپنے بچوں پر اپنے خوف کی وجہ سے پریشان تھی

(۴) ای طائر نصحها؟

ابوقردان نصحها۔

(۵) ماذا قال لها؟

قال (ابوقردان) لها: إن الثعلب لا یستطیع الصعود

(مزید یہ الفاظ بھی شامل کیئے جاسکتے ہیں: فاذا جاءك هذه المرة فقولی له:

اصعد إن استطعت؛)

اس (ابوقردان) نے اس سے کہا: بے شک لومڑا اوپر نہیں

چڑھ سکتا / اوپر چڑھنے کی استطاعت نہیں رکھتا (پس اس دفعہ جب

وہ تیرے پاس آئے تو اسے کہنا: چڑھ / چڑھ آ اگر تو طاقت رکھتا ہے

(۶) ما الذی قالته للثعلب عندما جاءها؟

کیا (بات) ہے وہ جو اس (چیل) نے لومڑی سے کہی جب وہ

(لومڑی) اس کے پاس آئی۔

قالت (الحدأة) للثعلب عندما جاءها: اصعد ان کنت تستطیع

فانك ان صعدت طرت أنا ونجوت وان لم تستطع نجوت

من شرك ونجت افراخي۔

(۷) کیف انتقم الثعلب من ابی قردان؟

انتقم الثعلب من ابی قردان بانه قال له (أي

لأبي قردان:

أرني ماذا تفعل اذا اتتك الریح من کل جهة

فانی مشتاق لرؤیة هذا المنظر فلما فعل هجم علیه الثعلب وامسکه

لومڑی نے ابو قردان سے بدلہ یوں لیا کہ اس (لومڑی) نے

اس (ابو قردان) سے کہا:

جب تیرے پاس / تجھ پر ہر سمت / جانب سے ہوا آئے تو تُو کیا کرے گا مجھے دکھاء میں اس منظر کو دیکھنے کا مشتاق (عاشق) ہوں

(۸) هل كان الثعلب ماكرا ولماذا؟ — (كان ماكرًا)

کیا لومڑ چالباز / مکار تھا اور کیوں (مکار تھا)

نعم! كان الثعلب ماكرًا، لانه كان يهدد الحدأة بالصعود اليها (فوق النخلة) مع عدم استطاعته الصعود، وهجم على ابى قردان وأمسكه بحيلة

جی ہاں! لومڑ چالباز / دھوکہ باز تھا کیونکہ وہ چیل کو اسکی طرف (درخت پر) چڑھنے / چڑھ آنے کی دھمکی دیتا تھا (اوپر) چڑھنے / چڑھ سکنے کی قدرت نہ ہونے کے باوجود - اور (اس لئے بھی وہ دھوکہ باز تھا) کیونکہ اس نے ایک بہانہ سے / بہانہ کر کے ابوقردان پر حملہ کر دیا اور اسے پکڑ لیا۔

(۹) لم وقع الطائر فى قبضة الثعلب؟

وقع الطائر فى قبضة الثعلب لانه اطبق جناحيه على رأسه ونسي مكر الثعلب

پرندہ (ابوقردان) لومڑ کے قبضے میں کیسے آ گیا / پھنس گیا کیونکہ اس (ابوقردان) نے اپنے دونوں پروں کو اپنے سر پر رکھ (کر ملا) دیا اور لومڑ کے فریب / مکر کو بھول گیا

الکتاب

(یہ مرحوم الھراوی کے اشعار ہیں)

(اصل عبارت: اَلْاَبْیَاتُ الْآتِیَۃُ / ھٰذِہِ الابیاتُ للمرحوم الھراوی)

ترجمہ

میں با ادب / ادب والا نوجوان ہوں، میں بہترین / اچھی کتاب پڑھتا ہوں،

ان (میرے) ساتھی غائب ہوں / غیر موجود / غیر حاضر ہوں تو میرا ساتھی کتاب ہے / ہوتی ہے۔

اس (کتاب) قصہ / کہانی کی باتے / باتیں ہیں اس حال میں کہ (یہ کتاب) تصاویر / تصویروں سے سجی ہوئی ہے

اِس (کتاب) نے میرے لئے بیان کی ہیں بہت سی انتہائی دلچسپ حکایتیں، (یا / اس نے میرے لئے بہت سی باتوں اور نصیحتوں کو انتہائی دل چسپ کہانیوں کے طور پر بیان کیا ہے)

(للغایۃ: انتہائی، بے انتہا)

(ا) شرح الکلمات:

کہانی کی بات / باتیں:

رات کی گفتگو / رات کے وقت کی بات۔

جب لوگ جمع ہوتے ہیں اور رات کو باہم گفتگو کرتے ہیں

(ب) آنے والے سوالوں کے جواب دیں:

(۱) ھل قرأت کتابًا فیہ قصص؟

کیا تو نے کوئی ایسی کتاب پڑھی ہے جس میں کہانیاں ہوں

نعم! قرأت کتابًا فیہ قصص،

(۲) کیف یکون الکتاب صاحبًا لک

کتاب تیرا ساتھی کیسے ہوتی ہے؟ لأزال
يكون الكتاب صاحبا لي باني اشتغل بقرائته في
الوحدة / الخلوة
کتاب میرا ساتھی یوں / اسطرح ہوتی ہے کہ میں اسے
تنہائی میں پڑھنے میں مشغول رہتا ہوں
(۳) ما اسماء الكتب اللتي تحبّها؟
ان کتابوں کے نام کیا ہیں جنہیں تو پسند کرتا ہے۔
اسماءُ الكتبِ اللّتى اُحِبُّها هِيَ ذِي: (وہ یہ ہیں)
المحادثةُ العربيّةُ وَ نُوْرُ الاِيْضَاحِ وَ عِلمُ الصِّيغَةِ
وَالفتاوٰى الرَّضويّةُ
(۴) ما معنى «أَنَا فَتًى ذُوْ اَدَبٍ».
مَعْنَاهُ: اَنَا اَحْتَرِمُ كُلَّ شَيْءٍ مُحْتَرَمٍ وَاَحْتَرِمُ كُتُبًا
وَكُرَّاسَاتٍ وَاُحْتَرِمُ/اُكْرِمُ الْكِبارَ وَاَعْطِفُ عَلَى الصِّغَارِ.
اس (اَنَا فَتًى ذُوْ اَدَبٍ) کا معنیٰ / مطلب ہے کہ:
میں ہر محترم شئے / چیز ، احترام والی چیز کا احترام کرتا ہوں،
اور کتابوں اور کاپیوں کا (ادب و) احترام کرتا ہوں اور بڑوں کا
احترام / کی عزت کرتا اور چھوٹوں پر شفقت کرتا ہوں۔

(ج) یہ ٹکڑا / حصہ / پیراگراف جید (اچھے) طریقے سے یاد کر
(د) یہ حصہ / اپنے ساتھیوں کے سامنے واضح / ظاہر / صاف
آواز میں پڑھ
(ھ) یہ حصہ جید (Good) خط / عمدہ خط
کے ساتھ لکھ

دواب الحمل والرکوب = 98

(بوجھ لادنے اور سواری کرنے کے لیے سواری ہونے کے جانور)

ترجمہ:

کچھ جانور: جیسا کہ گھوڑا، اور خچر، اور اونٹ اور گدھا۔ (یہ) بھاری بوجھ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف/تک اٹھاتے ہیں۔

اور اونٹوں کو جنگل/بیابان میں چلنے پر بڑی قدرت ہوتی ہے۔ کیونکہ انکے کھر اس (چلنے) پر کافی انکی مدد کرتے ہیں۔

اور گھوڑے اور خچر سڑکوں پر تانگے کھینچتے ہیں۔ اور جنگوں میں عظیم/بڑی خدمات/بڑے کام سر انجام دیتے ہیں، پس یہی ہیں جو بعض اوقات سامان اور ذخیرے (جمع کردہ مال) اٹھاتے ہیں

اور گدھا کسان کی مدد کرتا ہے پس یہ اس کے لئے کھاد اور پیداوار اٹھاتا ہے

سوالات

① سوالات وجوابات

(۱) کس (جگہ) میں مویشی رات گزارتے ہیں؟

باڑہ میں مویشی رات گزارتے ہیں

(۲) کس (جگہ) میں گھوڑا رات گزارتا ہے؟

گھوڑا اصطبل میں (گھوڑا باندھنے کی جگہ میں) رات گزارتا ہوا

(۳) کہاں سے پیداوار کو لایا جاتا/نقل کیا جاتا ہے؟

پیداوار کو کھیت سے لایا جاتا/نقل کیا جاتا ہے

ہ مِنْ للتبعیض ہے اس لیے اس کا ترجمہ کچھ کریں گے یا پھر بعض کریں گے۔

(د) کس (چیز) کے ساتھ کسان گندم کاٹتا ہے؟
اسے (گندم کو) کسان درانتی سے کاٹتا ہے

(۲)

مفید جملے میں بیان کریں (تین چیزوں) میں ہر ایک کو جو آئیں:
فلاح - بغل - اعرابی

جواب:

جملے:

۱- فلاحٌ یسوق حمارًا۔ (اسکو معرفہ الفلاح لانا بہتر تھا)
کسان گدھا ہانکتا ہے / چلاتا ہے

ب- بغل یجر عجلۃ (یہاں بھی البغل کہنا اَنسب تھا)
خچر تانگے / گدھا گاڑی کو کھینچتا ہے

ج- اعرابی یقود جملًا (ادھر بھی الاعرابی الیق تھا)
(عرب کا) دیہاتی اونٹ کو ہانکتا ہے۔

مِنْ آداب الاکل:

(کھانے کے کچھ آداب)

ترجمہ:

میں قبل اس کے کہ میں کھانے کے کمرے میں داخل ہوؤں
اپنا ہاتھ اور اپنا منہ پانی اور صابون کے ساتھ دھو لیتا ہوں
اور جب میں دسترخوان کی کرسی پر
بیٹھ جاؤں اور کھانا رکھ دیا جائے تو میں (کھانا) شروع نہیں کرتا
یہاں تک کہ / حتی کہ بڑے شروع کریں

اور میں کھاتا ہوں اس (کھانے) میں سے (یا اس طرف سے)
جو میرے سامنے ہو۔ اور میں اپنے کپڑوں پر تولیہ
رکھتا ہوں/رکھ لیتا ہوں تاکہ وہ آلودہ نہ ہوں
پس جب میں کھانے ترک کرتا ہوں/(فارغ ہو جاتا ہوں)
تو اللہ کی تعریف بیان کرتا ہوں (یعنی:
الحمد للہ کہتا ہوں) اور اپنا ہاتھ اور اپنا منہ
دھوتا ہوں،

اسئلة:

(۱) املاء کیلئے۔ (للاملاء:)
اصل عبارت ← (هٰذا السوالُ للإملاء)
گزشتہ حصہ لکھ۔ پھر آنے والے
کلمات کو دوبارہ لکھ/ آنیوالے کلمات کی
کتابت کا تکرار کر

الصابون: صابن۔ أَبْدَأُ: میں شروع کرتا ہوں
يَبْدَأُ وہ شروع کرتا ہے آكُلُ: میں کھاتا ہوں لِئَلّا: تاکہ نہ
(۲) آنے والے کلمات کی وضاحت کے ساتھ
جواب دے۔

۱۔ ما آدابُ الأكلِ؟
کھانے کے آداب کیا ہیں:

جواب: آدابُ الأكلِ هِيَ:
غَسْلُ اليَدِ وَالفَمِ قبْلَ أكْلِ الطَّعَامِ، وَالأكْلُ مِنَ

الأَمَامِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَغَسْلُ الْيَدِ وَالْفَمِ بَعْدَ الْأَكْلِ،

(یا پھر) بَعْدَ الْاِشْتِهَاءِ مِنَ الْاَكْلِ -) وَغَيْرُ ذٰلِكَ -

کھانے کے آداب یہ ہیں:

کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ اور منہ دھونا اور (اپنے سامنے (یا آگے) سے کھانا اور کھانے کے بعد (یا کھانا کھانے سے فارغ ہونے کے بعد) اللہ کی حمد وتعریف کرنا (یعنی: الْحَمْدُ لِلّٰهِ کہنا) اور ہاتھ اور منہ دھونا

ب - لماذا تغسل يدك وفمك قبل الاكل

جواب: اَغْسِلُ يَدِي وَفَمِي قَبْلَ الْأَكْلِ لِأَنَّ ذٰلِكَ سُنَّةٌ

میں کھانے سے پہلے اپنا ہاتھ اور منہ دھوتا ہوں کیونکہ یہ سنت ہے

ج - ولماذا تغسلهما بعد الاكل

اغسلهما بعد الأكل لِأَنَّ الفقر يزول بِهِ وَتَحْصُلُ الْبَرَكَةُ،

(یعنی ہاتھ اور منہ کو)

میں کھانے کے انکو دھوتا ہوں کیونکہ اس سے فقر یعنی محتاجی دور ہوتی ہے اور برکت حاصل ہوتی ہے

د - وبِمَ تَغْسِلُهَا (اَيِ الْيَدَ) ؟

اَغسلها بالماءِ والصَّابُون -

میں اسے (ہاتھ کو) پانی اور صابن کے ساتھ دھوتا ہوں

ھ - ما فائدة الفوطة ؟

فَائِدَتُهَا أَنَّهُ لَا تَتَلَوَّثُ الْمَلَابِسُ (مَلَابِسُنَا) اِذَا وَضَعْنَاهَا عَلَى الْمَلَابِسِ عِنْدَ الْاَكْلِ

اس کا فائدہ یہ ہے کہ: جب ہم کھانے کے وقت اسے کپڑوں پر رکھتے / رکھ لیتے ہیں تو ہمارے کپڑے آلودہ نہیں ہوتے

الکنز (۱)

(خزانہ)

ترجمہ:

(ایک دھوکہ باز آدمی اور کسان کی کہانی)

دجال: دھوکہ باز۔ المتعلم: پڑھا لکھا/تعلیم یافتہ۔ الفلاح: کسان

الدجال: بے شک میں نے معلوم کیا ہے/مجھے پتہ چلا ہے کہ تو ایک اچھا آدمی ہے، اور یہ کہ:
تو بھلائی کا مستحق ہے نہ کہ تیرے علاوہ (کوئی دوسرا) اس بستی کے رہائشیوں میں سے۔ (تو ہی بھلائی کا مستحق ہے)
اور اسی وجہ سے میں تجھ پر/تیرے سامنے ایک اہم مسئلہ پیش کروں گا جس میں تیرے لئے بڑی بھلائی ہوگی/ہے

کسان:
اے بھائی اور یہ/وہ کیا/کون سا مسئلہ ہے اور وہ/یہ کونسی/کیا بھلائی ہے جو میری منتظر ہے/میرا انتظار کر رہی ہے

الدجال:
بے شک زمین کے اس ٹکڑے میں ہزاروں سال سے ایک خزانہ چھپا ہوا ہے اور تحقیق میں نے اسکی جگہ معلوم کر لی ہے جنوں/جنوں کے بیٹوں/جنات کے ساتھ اپنے ملے ہونے/مربوط ہونے کی وجہ سے

الفلاح:
کیا یہاں بڑا خزانہ ہے، اے (واہ) خوش بختی، اے (واہ) خوش قسمتی،
اور تو نے یہ معاملہ مجھ پر کیوں پیش کیا اور تو نے (وہ) خزانہ اپنے لئے کیوں نہیں نکالا/نکال لیا (مجھے کیوں بتا رہا ہے)

ے جیسے منتر پڑھتے وقت عامل دھونی دیتے ہیں

الدجال: (دھوکہ باز آدمی)

کیونکہ تو زمین والا ہے / زمین کا مالک ہے اور کیونکہ خزانہ نکالنا محتاج ہوتا ہے مال کی طرف (خزانہ نکالنے کے لئے مال کی ضرورت پڑے گی / پڑتی ہے جبکہ یا کے اور میرے پاس مال نہیں ہے

الفلاح:

یہ (یا وہ یعنی خزانہ نکالنا) مال کی طرف محتاج ہوتا ہے اور کیوں؟ (یعنی ایسا کیوں ہوتا ہے)

الدجال:

عنقریب ہم دھونی کے محتاج ہونگے / دھونی طرف محتاج ہوں گے اور بعض / کچھ مہنگے جواھر کی طرف، کیونکہ خزانہ نہیں کھولا جاسکتا / نہیں نکالا جاسکتا / خزانہ پر قبضہ نہیں کیا جاسکتا بغیر ان دو چیزوں کے

الفلاح:

اور وہ کون سا / کیا مال ہے جس کا تو ارادہ کرتا / جو تو مراد لے رہا ہے؟ اور وہ کون سے جواھر ہیں جنکا تو محتاج ہوگا ہے

الدجال:

سب سے ہم محتاج ہوں گے (10) دس اشرفیوں / دس پاونڈ کے اور کنگن، اور بالیوں اور ہاروں کے مجموعے / سیٹ کے / گٹھے کے۔

الفلاح:

دس اشرفیوں (سونے کی تھیلیوں) اور کنگنوں کے گٹھے / شیٹ کے۔ اسے لانے میں کوشش کروں گا (ان کی ترکیب بنانے کی ۔۔۔)

الدجال :

کسی کو بتانا نہیں / خبر نہ دینا۔ اور اِن چیزوں کو لانے / حاضر کرنے میں دیر نہ کر / سستی نہ کر / ڈھیلا نہ پڑ۔ اس (بات کے) خوف سے کہ موقع / چانس ضائع نہ ہو جائے

الدجال :

کل شام میں / کو ملاقات تک / پیا مِلیں گے۔

اصل عبارت اِنْتَظِرْنِي إِلَى لِقَائِي - یوں ہوگی :

(یعنی تو مجھ سے ملنے تک میرا انتظار کرنا) ۔

یا اصل عبارت اِنْتَظِرُكَ إِلَى لِقَائِكَ - ہوگی

(میں تجھ ملنے تک تیرا انتظار کروں گا ، اِنْتَظِرْنِي حَتَّى نَلْتَقِيَ

بھی ہو سکتی ہے

الفلاح :

ملاقات تک / یعنی پھر ملاقات ہوگی / پھر مِلیں گے

(۲)

(کچھ دیر کے بعد دجال اور فلاح کی گفتگو ہوتی ہے وہ یہ ہے)

الفلاح :

" اپنے آپ سے (کسان) کہتا ہے / بات کرتا ہے " کہ تحقیق شیخ نے / بوڑھے نے دیر کر دی ،

ـہ نامعلوم / ارے پس کیا (معاملہ) پیش آیا ہوگا ؟ بے شک مجھے خوف ہے کہ وہ نہیں لوٹے گا ، پس مجھ سے مالداری اور خوش نصیبی تلف / ضائع ہو جائے / کھو جائے گی۔

الرجال:

(آ جاتا ہے" حاضر ہوتا ہے) اور کہتا ہے (وَيَقُولُ): اے میرے دوست السلام علیک

الفلاح:

وعلیک السلام۔ تحقیق اے میرے دوست تو نے بہت دیر کر دی

الرجال:

جی ہاں میں نے دیر کر دی/ مجھ دیر ہو گئی/ میں لیٹ ہو گیا کیونکہ میں جن کے بچوں/ اولاد (مطلب یہی ہے کہ جنوں) کے ساتھ جھگڑے میں تھا (جھگڑا کر رہا تھا) کیونکہ ان (جنوں) میں سے کچھ (جن) کہہ رہے تھے/ کہتے تھے کہ تو/ یعنی اے کسان تیرا وہ بول رہے تھے کہ تو) حقدار نہیں ہے۔ اور میں اُن میں رہا/ زائل نہیں ہوا/ نہیں ہٹا/ ان سے مسلسل کہتا رہا (کہ کسان ہی حقدار ہے) حتی کہ میں نے انہیں مطمئن کر لیا/ قائل کر لیا کہ تو اچھا/ ٹھیک بندہ/ آدمی ہے۔

الفلاح:

میں تیرا مشکور ہوں/ تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اے میرے دوست

الرجال:

اور کیا تو وہ سب کچھ لے آیا جو جو میں نے تجھ سے طلب کیا (تھا)

الفلاح:

میں دس اشرفیاں (سونے کی دس تھیلیاں) لے آیا ہوں اور میں نے ان (اشرفیوں) میں سے کچھ ادھار لی ہیں

بہرحال زیور:

پس یہ ہے وہ سب کچھ (وہ سب زیورات) جسکی مجھے طاقت تھی کہ جسے میں حاصل کروں اپنے گھر سے اور اپنے پڑوسیوں

سے۔ بعد اس کے کہ میں نے انہیں شُبہ / وہم ڈالا / وہم دلایا کہ ہم یہ ارادہ کرتے ہیں / ہمارا ارادہ یہ ہے کہ ہم اسکی مثل (یعنی اتنا اور سونا چاندی و زیورات خریدیں۔

الدجال:

"نقدیوں / پیسوں کو لیتا ہے اور زیورات کو الٹ پلٹ کرتا ہے / پلٹتا ہے" اور کہتا ہے کہ:

زیورات تو کافی نہیں ہیں اے میرے دوست، اور معاملہ کو کل شام تک مؤخر کرنا ضروری ہے۔ اور میں (آج) رات دھونی دینے (یا چھوڑنے) اور منتر پڑھنے پر اکتفا کروں گا آنیوالی (یعنی اگلی) رات میں جاری رہنے والے کام کا آغاز کرنے کیلئے

(المقبلة: آنیوالی، تمھیداً: آغاز کرنا، البخور: دھونی الطلاق: دینا یا چھوڑنا)

الفلاح:

میں کوشش کروں گا اس کی کہ میں کچھ (اور) زیورات رشتہ داروں اور پڑوسیوں سے حاصل کرلوں۔

الدجال:

اپنی جگہ پہ ٹھہر / ٹھہرا رہ۔ اور عنقریب یا / ابھی میں تجھ سے کچھ دور جگہ پر / کی طرف جاؤں گا تاکہ اور منتر پڑھوں اور تو ابھی حیرت انگیز / تعجب خیز (چیز یا بات) دیکھے گا

"دجال دور جگہ جاتا ہے اور دھونی دیتا ہے"

الشبح / خیالی تصویر:

(شَبَح: کا معنیٰ ہے: دور سے نظر آنیوالا جسم۔ سایہ۔ خیالی تصویر = مطلب یہ ہے کہ یہ اصل میں جن تھا)

تُو ڈر نہیں / نہ ڈر اور اپنی جگہ سے نہ پھر (نہ ہٹ) کیونکہ میں
عنقریب اس زندگی میں تیری مساعدت (مدد) کروں گا، تیرے لئے
میں زمین کے اندر سے چھپا خزانہ نکالوں گا، تجھے مخلوق
میں سب سے زیادہ مالدار کردوں گا، عنقریب تو (اتنا)
ڈھلا ہوا سونا (سبائک = ڈھلا ہوا) پائے گا جسکو بہت
سے اونٹ اٹھانے کی استطاعت / طاقت نہیں رکھیں گے / کہ
بہت سے اونٹ استطاعت نہیں رکھیں گے کہ اسے اٹھائیں =
عنقریب تو وہ (مال، خزانہ، دولت) پائے گا جو
تیرے گھر کو اور تیرے بعد تیری اولاد کے گھر کو بھر دے گا
الفلاح : (بعد اس کے کہ وہ (کسان) خوفزدہ اور لرزہ کھڑا تھا)
اے جنوں کے مالک!
کیا تو حق (صحیح بات) کہتا ہے / کیا ٹھیک ہے وہ
جو تو کہتا ہے۔
الجانّ ۔ (جِنّ یا شَبَح یعنی خیالی تصویر)
کیا تو میرے کلام / میری بات کی تصدیق نہیں کرتا۔
اور ابھی میں اگر چاہوں تو زمین کے اوپر والے / بالائی حصہ
کو زمین کا نچلا حصہ کردوں / بنادوں =
الفلاح :
میری پکڑ نہ کرو، معاف کیجئے، پس میں نے آپ
کے حق میں خطاء / غلطی کی،
الجانّ :
ڈرو مت! اور لیکن تجھ پر یہ (لازم)
ہے / ضروری ہے کہ نکل تو لے آئے وہ سب کچھ جو بہ

ے اصل عبارت: وبعد وقتٍ قلیل ہے

108

شیخ (دجال، دھوکہ باز آدمی) تجھ سے طلب کرتا ہے۔

الفلاح:

اے میرے سردار وسعت پر۔ (یعنی ٹھیک ہے، کوئی بات نہیں، ٹینشن نہ لے۔) اصل عبارت یوں ہے أنا علی الرحب، میں کشادگی پر ہوں

الجانّ:

ابھی عنقریب میں جاؤں گا / چلا جاؤں گا اور تیرے پاس کل آؤں گا تاکہ پورا کروں وہ (کام) جسکو کرنے کا مجھے شیخ نے / بوڑھے نے مکلف کیا ہے / پابند کیا ہے

عمل: یعنی کرنا۔ کلّف: پابند کرنا۔

الدجال:

(دجال) تھوڑی دیر کے بعد آتا ہے اور کسان کو خوفزدہ پاتا ہے۔ (اور کہتا ہے)

مجھے کیا ہے کہ اے میرے دوست میں تجھے خوفزدہ پاتا ہوں

الفلاح:

میں تجھے سچا سمجھ گیا، میں نے تیری تصدیق کر لی / کرتا ہوں اے میرے سردار، پس تحقیق میں نے ابھی جن کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے

الدجال:

کیا تو اب سے پہلے مجھے سچا نہیں سمجھتا تھا / میری تصدیق کرتا تھا۔

الفلاح:

تحقیق میں (تیری) تصدیق کرتا تھا، اور لیکن میرا دل اطمینان میں بڑھ گیا / میرے دل کو (اب) زیادہ اطمینان ہو گیا ہے، اور میں عنقریب حاضر کر دوں گا وہ سب کچھ جسکا تو محتاج ہے

الدجال:

میرے لئے (یہ جو دس اشرفیاں لے آیا تھا یہ) دس[10] اشرفیاں چھوڑ دے (یہ تو رکھ کے جا) تاکہ میں انکے ذریعے دھوئیں کو لاؤں / دھوواں لے آؤں اور چاہیئے کہ تیرے پاس زیور باقی رہیں حتی کہ تو انہیں (زیورات کو) مکمل کر لے (یہ مکمل / پورے زیور نہیں ہیں) اور پھر ملیں گے

الفلاح:

پھر ملیں گے

(۳)

الفلاح:

(کسان اپنے متعلم یعنی تعلیم یافتہ یا پڑھے لکھے دوست سے بات کرتا ہے (اور کہتا ہے)":

میں چاہتا ہوں کہ تو مجھے ادھار دیدے / عاریۃً دے وہ سب / تمام زیورات جو تیرے پاس ہیں

المتعلم: (کسان کا تعلیم یافتہ / پڑھنے / علم حاصل کرنیوالا دوست کہتا ہے) اور تو کیوں (مجھ سے) یہ طلب (یعنی سوال / فرمائش) کرتا ہے

الفلاح:

کیونکہ میں اپنی زوجہ (بیوی) کے لئے اس کی مثل / اس جتنا / اس جیسا (زیور) کا ارادہ کرتا ہوں / چاہتا ہوں

المتعلم: (تعلیم یافتہ آدمی)

مجھے اس سبب (وجہ / دلیل) کے صحیح / درست ہونے میں شک ہے / شبہ ہے

الفلاح:

یہی صحیح وجہ / درست ہے۔ (میں ٹھیک کہہ رہا ہوں)

المتعلم: (پڑھا لکھا)

مجھے (یہ) بات سچی کر دکھا - کیونکہ مجھے تو ڈر ہے کہ معاملے کوئی شئی (یعنی گڑبڑ) ہے۔ کیونکہ میں بہت سی اخباروں میں پڑھا ہے / پڑھ رکھا ہے کہ کچھ / بعض دھوکہ باز افراد کسانوں (دیہاتی لوگوں) کو دھوکہ دیتے ہیں، پس / اور انکے زیور اور انکے مال لے لیتے ہیں۔ اور مجھے ڈر ہے کہ تو (بھی) ان (دھوکہ بازوں) میں سے کسی کے جال میں پھنس گیا ہے / پھنسا ہوا ہے

الفلاح:

وہ (دھوکہ باز) ان (کسانوں) کو دھوکہ دیتے ہیں / چال چلتے ہیں (اللہ سے) - اور انکے مال لے لیتے ہیں!

بے شک ان (دھوکہ بازوں) میں سے بعض کو / یا ایک (آدمی کو یا ایک دھوکہ باز) کو جن حاضر کرنے اور زمین کے اندر سے خزانے نکالنے پر عجیب قدرت ہے۔

المتعلم:

تحقیق / بے شک ان میں تیرا مسئلہ / تیری بات جان گیا ہوں، پس مجھے خبر دے / بتا ہر شئی یا سب کچھ، اور میں اس راز کو چھپاؤں گا (کسی کو نہ بتاؤں گا)

الفلاح:

جھجکتا ہے / یا خاموش ہو جاتا ہے پھر کہتا ہے:

وہ تو ماہر آدمی ہے، اور کل کو میں نے جن کو اپنی
دونوں آنکھوں سے دیکھا ہے

المتعلم:

میں تجھے وہ سب کچھ دے دوں گا / دوں گا جو تو
مانگتا / مانگ رہا ہے - اور لیکن اس شرط پر کہ میں
تم دونوں (فلاح اور دجال) سے دور بیٹھوں گا تاکہ
میں دیکھوں کہ: وہ کرتا کیا ہے - اور میں تجھ سے وعدہ کرتا
ہوں کہ میں ان خزانوں میں شریک نہیں ہوؤں گا جنکو
تو حاصل کرے گا، اور یہ میں اس لئے کروں گا کہ تاکہ میں
تجھ روشناس کراسکوں یا واقف کراسکوں کہ وہ دھوکہ باز آدمی ہے

الفلاح:

ایسا نہ کہہ / ایسی بات نہ کر / یہ (بات) نہ کہہ /
نہ کر اس خوف سے کہ وہ تجھ پر جن / بھوت مسلط کر دے گا

المتعلم:

تحقیق ہم اتفاق کرتے ہیں / ہم متفق ہیں اور اس سارے
کلام کا کوئی سبب نہیں

" اور اس کے بعد) وہ (متعلم) اسکے لئے / پاس زیور لے آتا ہے
اور واپس چلا جاتا ہے / لوٹ جاتا ہے

الفلاح:

" (کسان) خزانے کی جگہ میں بیٹھا ہے اور دجال یعنی
دھوکہ باز آدمی اندھیرے میں اس (کسان) سے دور بیٹھا
ہے تاکہ وہ منتر پڑھے پھر جن / یا خیالی تصویر کی ظاہر ہوتا ہے
جن کسان سے:

اپنی جگہ سے نہ پھر (نہ ہٹ) اور کسی چیز کا خوف نہ کرنا سے نہ ڈرنا جب زمین ہلے (حرکت کرے) یا تو آگ دیکھے یا تو گھوڑوں کو پائے (دیکھے) جن پر شہسوار ہوں / گھڑسوار ہوں۔

کیونکہ جب تو اپنی جگہ سے صبح سے پہلے پھر گیا (ہٹ گیا) تو تُو ھلاک ہو جائے گا اور جب تو کسی چیز سے ڈر گیا / ڈرے گا تو ہم تجھ پر سوار ہو جائیں گے (تجھے نقصان پہنچائیں گے اور تجھے ھلاک کر دیں گے۔ (برباد)

الفلاح: (مثل عبارت سمعت سمعًا واطعتُكَ طاعةً)

میں نے سنا اور اطاعت کی / مان گیا / مان لیا

الجانّ:

بے شک ابھی میرے پاس زیور ہیں، اور وہ بہت کم ہیں بہ نسبت ان خزانوں کے جو تو عنقریب دیکھے گا، پس تو راز چھپا اور کسی ایک سے یہ ذکر نہیں کرنا اس کا ذکر نہ کرنا کہ تو نے خزانہ پایا ہے۔ (اسی جگہ)

ابھی میں عنقریب تجھے چھوڑ دوں گا تاکہ میں تیری طرف اپنے بھائیوں (دیگر جنوں) کے ساتھ تین ساعتوں / گھنٹوں کے بعد واپس آؤں / لوٹوں۔ پس تو نہ پھرنا (اپنی جگہ سے نہ ہٹنا)

الفلاح:

تیرا حکم اطاعت کیا ہوا ہے / تیرے حکم کی اطاعت کیجائے گی اے میرے سردار،

" پھر جنّ تیزی سے چلتا ہے اور تھوڑی دیر بعد کسان بات چیت (باتیں) اور چیخ و پکار سنتا ہے تو ڈر جاتا ہے

ے یا: اس حال میں کہ:

اور لیکن اپنی جگہ سے نہیں ہٹتا (ہٹتا) " پس اسکا تعلیم یافتہ
یا پڑھا لکھا دوست آجاتا ہے اور اس کے ساتھ (یعنی کسان کے
ساتھ یا پاس) خیالی تصویر/ یا سایہ ہوتا ہے۔ اور اس نے اپنے
ہاتھ میں ایک پستول پکڑی ہوئی تھی،

المتعلم:

اے دوست کیا یہی جن ہے

الفلاح:

جی ہاں بلاور کیا ہو گیا؟ یا کیا ہوا؟

المتعلم:

اے دھوکہ باز، مکار یہ کپڑے اتار دے اور وہ زیور
اور مال نکال جو تیرے پاس ہے

الدجال:

" دھوکہ باز آدمی کپڑے اتارتا ہے" (اور کہتا ہے) اے میرے سردار
مجھے معاف کر دو پس میں نے غلطی کی ہے/ مجھ سے غلطی ہو گئی ہے

الفلاح: (اس دجال سے کہتا ہے)

اور تو کون ہے؟ کیا تو جن نہیں ہے؟

المتعلم:

بے شک یہ بزدل جن ہے، کیونکہ میں اس کو قبضے
میں لے لیا ہے اور اسے تیری طرف لے آیا ہوں
(جن کو)

الفلاح:

(غور کرتے / یا تھوڑے یا کچھ توقف سے " (یعنی غور و فکر
کرکے یا کچھ دیر توقف کرنے کے بعد کہتا ہے)

بے شک یہ تو (تو ہی) آدمی ہے۔ بے شک

ـہ کتاب میں اس جگہ هَيَّا کا لفظ استعمال ہوا ہے جو کہ اسم فعل ہے بمعنی اسْرِعْ -

یہ دھوکہ باز ہے، کہاں ہیں زیور؟ کہاں ہے مال (کسان نے اس دھوکہ باز سے کہا)

الدجال:

مجھے معاف کیجئے، مجھ سے درگزر کیجئے بس میں نے غلطی کی / مجھ سے غلطی ہو گئی ہے -

المتعلم:

میں تجھے ہرگز معاف نہیں کروں گا (میں تجھے چھوڑوں گا نہیں) اور تجھے تو عدالت کے مردوں (یعنی ججوں / وکیلوں) کے حوالے کرنا ضروری ہے تاکہ وہ تجھے سزا دیں

الفلاح:

اوئے مجرم ہمارے سامنے آ -

میں آج کے بعد تیرے جیسوں کو ہرگز سچا نہیں سمجھوں گا / تیرے جیسوں کی تصدیق نہیں کروں گا

خرشوف:

artichoke

(ہاتھی چک)

ventures of his Knights of the Round Table

artichoke (*ah**t*-i-chohk) *n*. a kind of plant with a flower head used as a vegetable خرشف ، ہاتھی چک

خس:

lettuce

(کاہو / سلاد)

granting certain rights سرکاری اجازت نامہ

lettuce (*let*-is) *n*. plant used in salads کاہو ، سلاد

Levant (le-*vant*) *n*. ❶ (*the*) East-Mediterranean

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ

أَلْمُحَادَثَةُ الْعَرَبِیَّة

کے حل کا تحریری کام آج پایہ تکمیل کو

پہنچا۔

اس میں جو خوبیاں ہیں وہ سب میرے

والدین و اساتذہ کرام اور پیرومرشد کی

دعاوں اور شفقتوں کا نتیجہ ہے.

بشر ہونے کے ناطے "حَلّ" میں کمی بیشی

ہوئی ہو تو

ہمیں ضرور مطلع فرمائیں

16.10.2017ء

25.01.1439ھ

محمد اخلاق عطاری